آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

Daily SHAL

روزنامہ شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز جمعرات 12 نومبر 2026ء بمطابق یکم جمادی الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 266

سعودی عرب کا بلوچستان میں مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کا اظہارِ دلچسپی

صوبے میں معدنیات، توانائی، زراعت، لائیو اسٹاک، ساحلی معیشت اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا کیے جاسکتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ویژن صوبے کو ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری وتجارت کا اہم مرکز بنانا ہے، جبکہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے اور کاروبار دوست ماحول کے قیام کے لیے پرعزم ہے

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) سعودی عرب نے بلوچستان میں سرمایہ کاری اور ہنرمند افرادی قوت کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے، سعودی پاکستان جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے 10 رکنی اعلیٰ سطح کے سعودی کاروباری وفد کے ہمراہ کراچی میں حکومت بلوچستان کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کی، جس کی قیادت بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کی۔ اجلاس میں ایم ڈی پی ٹی یونا عبدالکبیر زرکون اور ایم ڈی لیڈ الیاقت کاشانی بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

منشیات کا خاتمہ اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنا ہماری قومی ذمہ داری ہے، محمد خان لہڑی

منشیات فروشوں اور غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ناگزیر ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان معاشرے بالخصوص نوجوان نسل کے مستقبل کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے، اس لعنت کے خاتمے کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک اور قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، انہیں منشیات جیسے ناسور سے محفوظ رکھنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ منشیات فروش نہ صرف نوجوانوں کی زندگیوں کو تباہ کر رہے ہیں بلکہ معاشرتی امن اور خاندانی نظام کو بھی نقصان پہنچا رہے ہیں۔

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی

قدرتی آفات سے غریب اور دیہی آبادی سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے، خواتین اور لڑکیاں قدرتی آفات سنگین مناسب طور پر متاثر ہوتی ہیں، اس پروگرام سے آفات سے بچاؤ اور خطرات کے انتظام میں بہتری آئیگی

قرض سے پاکستان کی قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت بہتر ہوگی، قرض قدرتی آفات کے بعد فوری بجٹ معاونت فراہم کرنے کیلئے ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق پاکستان میں قدرتی آفات سے سالانہ 2 ارب ڈالر نقصان ہوتا ہے، اس قرض سے پاکستان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بشریٰ بی بی اور عمران خان کی بہنوں کی رہائی ہوسکتی ہے

رانا شاہ اللہ

لوگ ہر وقت اپنی سی وی لے کر بہترین متبادل بننے کی خواہش رکھتے ہیں تاہم اس میں کوئی برائی نہیں

حکومت کو کوئی خطرہ نہیں، نئی سیاسی تبدیلی سے متعلق خبریں محض افواہیں ہیں، مشیر برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور ان کی زیر حراست بہنوں کی رہائی ممکن ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں نظر بند افراد کو بھی رہا کیا جاسکتا ہے، حکومت کا کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کا کوئی ارادہ نہیں، پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ کوئی بیک ڈور رابطے نہیں البتہ بعض لوگوں کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



اطالیہ، وزیراعظم محمد شہباز شریف دیگر عالمی رہنماؤں کے ساتھ اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن کوپ 31 میں شرکت کے موقع پر گروپ فوٹو کے لیے کھڑے ہیں

سبز انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، وزیراعظم

پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے، صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں

منتقلی میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی، شہباز شریف کا اقوام متحدہ کی 31 ویں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے موقع پر 2035 تک گرین انرجی پر منتقلی، منتقل کو توانائی فراہم کرنا کے عنوان سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب

اطالیہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے، صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں، ترقی پذیر ممالک کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اپنے وعدے پورے کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت میں اضافے اور سستی ٹیکنالوجی تک رسائی کو یقینی بنانا وقت کی ضرورت ہے، حال ہی میں متعارف کرائی گئی آٹو پالیسی کے تحت 2030 تک نئی گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے کم ٹیرف سمیت مختلف مراعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

خیبر پختونخوا میں گرفتار افغان دہشتگرد کا خودکش حملہ آور تیار کرنے کا اعتراف

افغان سرزمین دہشت گردی کے لئے استعمال ہورہی ہے، مشیر اطلاعات اے آر ڈی سی محمود جان بابر

پشاور (آن لائن) سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار افغان دہشت گرد نے کودکش حملہ آور تیار کرنے سمیت دیگر کئی اعترافات کئے ہیں۔ مشیر اطلاعات اے آر ڈی سی محمود جان بابر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانستان کی سرزمین دہشت گردی کے لئے استعمال ہورہی ہے، دہشت گردرات کی تاریکی کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں

وندر، ٹریفک حادثہ، ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار مزدور جاں بحق، 2 شدید زخمی

حادثہ ناکہ کھارڑی کے مقام پر پیش آیا، زخمیوں کو تشویشناک حالت میں کراچی منتقل کردیا گیا، رپورٹ

وندر (یو این اے) مین قومی شاہراہ (N-25) پر وندر کے علاقے ناکہ کھارڑی کے قریب ٹرالر اور موٹر سائیکل میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں 1 شخص موقع پر ہی جاں بحق جبکہ 2 افراد شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ تحصیلات کے مطابق وندر پولیس اسٹیشن کی حدود میں گزشتہ شب مین قومی شاہراہ پر تیز رفتار ٹرالر نے موٹر سائیکل کو روند ڈالا، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

بشریٰ بی بی کی 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں 26 نومبر تک توسیع

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف درج 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں 26 نومبر تک توسیع کردی۔

آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہاز بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا

تہران (آن لائن) ایرانی بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ بدھ کی صبح آبنائے ہرمز کے مشرق میں بحری بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد ایک تیل بردار جہاز میں آگ لگ گئی۔ بحریہ کے شعب تعلقات عامہ کی جانب سے جاری بیان میں اس آئل ٹینکر کو غلاف ورزی کرنے والا قرار دیا گیا ہے



☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆اطالیہ، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایرانی صدر مسعود پیزشکیان ملاقات کررہے ہیں☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کا بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کانفرنس سے خطاب

قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت ایکٹ 2025ء کی منظوری، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت ایکٹ 2025ء اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے مؤثر حل کے لیے ایک اہم قانونی پیش رفت ہے۔

زیارت کراس کے قریب کسٹمز کی کارروائی، 1.2 ارب روپے مالیت کی 43 کلوگرام ہیروئن برآمد

منشیات کی تجارت کے لیے بڑا دھچکا، ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی، تفصیلی رپورٹ

کوئٹہ (یو این اے) کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (انفورسمنٹ) کوئٹہ کے فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ (ایف ای یو) زیارت کراس نے منشیات کی اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے تقریباً 43 کلوگرام ہیروئن برآمد کرلی ہے، جس کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت 1.2 ارب روپے ہے۔ منشیات ایک ٹویوٹا ہائی گس ریوو گاڑی میں چھپائی گئی تھیں

عمران خان کا پمز میں طبی معائنہ اور آنکھوں کا فالواپ علاج

بانی کو آنکھ میں اینٹی وی ای جی ایف انجکشن لگایا گیا، ضروری طبی ٹیسٹ کیے گئے، صحت مند قرار

اسلام آباد (آن لائن) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اڈیالہ جیل سے رات گئے سخت سیکیورٹی میں طبی معائنے کیلئے پمز اسپتال اسلام آباد منتقل کیا گیا۔ پمز اسپتال انتظامیہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق عمران خان کو سنٹرل جیل اڈیالہ راولپنڈی سے 10 اور 11 نومبر 2026 کی درمیانی رات کو پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اسلام آباد لایا گیا اسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ آنکھ کے علاج سے پہلے عمران خان کا تفصیل چیک اپ ہوا جس دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

تربیلا ڈیم ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا

بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے متجاوز، 3 سے 4 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری

لاہور (آن لائن) تربیلا ڈیم ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی کے باعث ملک بھر میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا، پن بجلی شیئر میں کمی اور ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا۔ تفصیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

صدر مملکت کے قافلے کی گاڑی ٹھوکر میں خراب ہونے کا انکشاف، اعلیٰ سطح تحقیقات کا حکم

کراچی (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ ٹھوکر کے دوران صدارتی قافلے میں شامل گاڑی خراب ہونے کے واقعے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا حکم دیدیا گیا۔ اس حوالے سے آئی جی سندھ نے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔

تعلیم کے فروغ کے بغیر ترقی یافتہ بلوچستان کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، زرک مندوخیل

نوجوان نسل کو جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کے مسائل کا حل وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضمانت ہے، بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے نوجوان نسل کو معیاری تعلیم اور جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔

بابا گرونانک دیو جی کے جنم دن کی تقریبات میں 30 ہزار یاتریوں کی آمد متوقع

22 نومبر سے یکم دسمبر تک یاتری پنجاب میں قیام کریں گے، بھارت سے 3 ہزار سکھ یاتری بھی پاکستان آئیں گے

محکمہ داخلہ پنجاب میں خواجہ سلمان رفیق، سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس، انتظامات کے حوالے سے بریفنگ

لاہور (این این آئی) بابا گرونانک دیو جی کے 557 ویں جنم دن کی تقریبات کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے محکمہ داخلہ پنجاب میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت صوبائی وزیر اور چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان اور سپریم کورٹ کے ججز، جسٹس بھال مندوخیل کی جوڈیشل آفس سے سبکدوشی کے موقع گروپ فوٹو

پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی درخواست ضمانت پر سماعت 19 نومبر تک ملتوی

لاہور (آن لائن) لاہور جناح ہاؤس حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی ضمانت کی درخواست پر سماعت 19 نومبر تک ملتوی کردی گئی۔

ایرانی دھمکیوں کے بعد امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ فوجی اڈے منتقل

واشنگٹن (آن لائن) ایران کی جانب سے جان کو خطرات کے باعث امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ فوجی اڈے پر منتقل ہوگئے۔ امریکی ٹی وی فاکس نیوز کی رپورٹ کے مطابق امریکی انتظامیہ کے ایک سینئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ژوب بائی پاس روڈ کی تعمیر مسئلہ کشمیر بن گئی

ٹینڈر کے باوجود کام بند، انجینئر امیر مقام سے وضاحت کا مطالبہ

ژوب (آن لائن) ژوب بائی پاس 11 کلومیٹر روڈ منصوبے کی تعمیر عوام کے لیے ایک بڑا سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ ٹینڈر ہونے کے باوجود منصوبے پر تعمیراتی کام تعطل کا شکار ہے، جس سے شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کوئٹہ کے ارباب کرم خان روڈ پر خوفناک گیس دھماکہ، ماں بیٹی سمیت 4 افراد جھلس کر زخمی

خاتون 90 فیصد اور 6 سالہ بچی 60 فیصد جھلس گئیں، زخمیوں کی حالت تشویشناک، پولیس کی تحقیقات جاری

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے ارباب کرم خان روڈ پر واقع مری اسٹریٹ میں گیس لیک کے باعث زوردار دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں ماں اور بیٹی سمیت چار افراد شدید جھلس کر زخمی ہو گئے ہیں۔ تحصیلات کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال کے برن یونٹ منتقل کردیا گیا۔

شہباز شریف کی دورہ ترکیہ میں کاپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت

ترک صدر رجب طیب اردوان اور یو این سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے وزیراعظم کا پرتپاک استقبال کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے دورہ ترکیہ میں COP31 سربراہی اجلاس میں شرکت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کوپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے کانفرنس ہال آمد، ترک صدر اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے وزیراعظم کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی ماحولیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ثمر باغ: ڈی ایس پی سمیت 3 اہلکار شہید، 2 دہشتگرد ہلاک

شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں تیز، ایس ایس پی

ثمر باغ (یو این اے) ثمر باغ میں دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی سمیت 3 اہلکار شہید ہوگئے۔ ایس ایس پی لوئر دیر ثاقب ندیم نے بتایا کہ دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی ثمر باغ سرکل عبدالولی خان، ایس ایچ او تھانہ صدر ثمر باغ انسپکٹر شاہ فیصل اور ایک اہلکار شہید ہوئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

کرک میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام

بھاری ہتھیاروں کی فائرنگ سے عمارت کو جزوی نقصان پہنچا

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں پولیس چیک پوسٹ پر خوفناک رات گئے نامعلوم دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کرک فضل واحد کے مطابق مسلح دہشت گردوں نے رات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ہائیکورٹ، لکی مروت کے شہری کا اسلام آباد کا ڈومیسائل بنانے کی ہدایت

ڈی سی آفس کی جانب سے عدالت میں کلرک کی نمائندگی پر چیف جسٹس کا اظہار برہمی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے لکی مروت کے شہری حماد اللہ کی اسلام آباد کے ڈومیسائل بنوانے کی درخواست پر سماعت کے دوران ڈی سی آفس کو 5 روز میں شہری کا ڈومیسائل بنانے کی ہدایت کردی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈیرہ مراد جمالی میں ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین، 3 مسلح ملزمان گرفتار

ملزمان سے لوٹی گئی بھاری نقد رقم اور 10 مسروقہ موبائل فونز برآمد، ایس ڈی پی او سٹی غلام سرور مینگل

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ مورخہ 08 نومبر 2026 کی شب پولیس تھانہ سٹی کی حدود پانچ مسلح ملزمان نے فرانسفارمر مستری محمد ظفر والد نذیر احمد قوم بھٹی کے کرائے کے مکان میں داخل ہوکر اسلحہ کے زور پر نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔

عمران خان کا بلڈ پریشر خوفناک حد تک بلند ہے، وکلا بانی پی ٹی آئی سے طویل ملاقات

عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ان کے وکلا کی ملاقات اڈیالہ جیل کے کانفرنس روم میں کرائی گئی، جیل ذرائع

ملاقات طویل کیوں ہوئی یہ تو جیل والوں سے پوچھیں، عدالت نے کہا تھا ملاقات ایک گھنٹے سے کم نہیں ہونی چاہیے زیادہ ہو تو کوئی بات نہیں، لطیف کھوسہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے وکلا بیرسٹر سلمان صفدر اور لطیف کھوسہ نے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر خوف ناک حد تک بلند ہے۔ بدھ کو بانی پی ٹی آئی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی ریکارڈ، 92 ڈالر فی بیرل پر آگیا

واشنگٹن (آن لائن) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اماراتی مربن خام تیل مزید کم ہوکر 92 ڈالر فی بیرل پر آگیا۔

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی

اسلام آباد (آن لائن) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے اعلامیہ کے مطابق پاکستان میں قدرتی آفات سے سالانہ 2 ارب ڈالر نقصان ہوتا ہے



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان 22 ویں کانووکیشن کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

سابق عراقی رکن پارلیمنٹ احمد العلوانی بیروت میں مردہ پائے گئے

بیروت (آن لائن) عراق کے سابق رکن پارلیمنٹ احمد العلوانی لبنان کے دارالحکومت بیروت کے ایک اپارٹمنٹ میں مردہ پائے گئے۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق 1 سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ لبنانی حکام سابقہ رکن پارلیمنٹ کی موت کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ڈیرہ مراد جمالی میں ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین، 3 مسلح ملزمان گرفتار

ملزمان سے لوٹی گئی بھاری نقد رقم اور 10 مسروقہ موبائل فونز برآمد، ایس ڈی پی او سٹی غلام سرور مینگل

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ مورخہ 08 نومبر 2026 کی شب پولیس تھانہ سٹی کی حدود پانچ مسلح ملزمان نے فرانسفارمر مستری محمد ظفر والد نذیر احمد قوم بھٹی کے کرائے کے مکان میں داخل ہوکر اسلحہ کے زور پر نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔

ثمر باغ: ڈی ایس پی سمیت 3 اہلکار شہید، 2 دہشتگرد ہلاک

شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں تیز، ایس ایس پی

ثمر باغ (یو این اے) ثمر باغ میں دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی سمیت 3 اہلکار شہید ہوگئے۔ ایس ایس پی لوئر دیر ثاقب ندیم نے بتایا کہ دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی ثمر باغ سرکل عبدالولی خان، ایس ایچ او تھانہ صدر ثمر باغ انسپکٹر شاہ فیصل اور ایک اہلکار شہید ہوئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بلوچستان میں پائیدار امن قائم کریں گے، کور کمانڈر بلوچستان

بلوچستان سے میرا گہرا لگاؤ ہے، صوبے میں پائیدار امن قائم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے ہماری کوشش اور خواہش ہے کہ بارڈر تجارت کے لیے کھولے جائیں تاکہ عوام کو روزگار کے مواقع میسر آئیں، ان کی معیشت مستحکم ہو اور وہ خوشحال زندگی گزار سکیں

بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، جبکہ جن علاقوں میں سیکیورٹی کے مسائل درپیش ہیں وہاں بھی ترقیاتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے

تربت (این این آئی) کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین نے کہا ہے کہ بلوچستان سے میرا گہرا لگاؤ ہے، صوبے میں پائیدار امن قائم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے ہماری کوشش اور خواہش ہے کہ بارڈر تجارت کے لیے کھولے جائیں تاکہ عوام کو روزگار کے مواقع میسر آئیں، ان کی معیشت مستحکم ہو اور وہ خوشحال زندگی گزار سکیں۔ ہم بندوق کا کلچر ختم کرکے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت میں منعقدہ عوامی محفل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سندھ میں گیس اور تیل کے نئے ذخائر دریافت کرلئے گئے

کراچی (آن لائن) پاکستان کے توانائی شعبے کیلئے خوشخبری، آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے سندھ کے ضلع خیرپور میں تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق بٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



کراچی: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کو میمنٹو پیش کررہے ہیں

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، لیبر قوانین پر عملدرآمد کی موجودہ صورتحال کا جائزہ

تمام قومی وعدوں اور ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے طے شدہ مدت کی پابندی کی جائے، ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں لیبر قوانین پر عملدرآمد سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں بین الاقوامی لیبر قوانین بشمول عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) سے متعلق کنونشنز اور وعدوں پر عملدرآمد کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے ملکی طریقہ کار کو عالمی معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ضروری ضابطہ جاتی فریم ورک اور قوانین کے نفاذ کے طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا۔

صدر زرداری کی جمہوریہ پولینڈ کے صدر اور عوام کو قومی یوم آزادی پر مبارکباد

یہ تعلقات باہمی احترام، خیر سگالی اور امن و عالمی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ پولینڈ کے صدر کارول ناوروکی اور عوام کو ان کے قومی یوم آزادی پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمنائوں کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے صدر کارول ناوروکی کے نام اپنے خط میں پاکستان کی حکومت، عوام اور اپنی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور پولینڈ کے درمیان باہمی احترام، خیر سگالی اور امن و عالمی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں۔

حکومت اپوزیشن اختلافات بھلا کر معاشی بحالی کا متفقہ روڈ میپ تیار کریں، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی

سیاسی محاذ آرائی ختم کرکے قومی مفاہمت اور مشترکہ ایجنڈے کی طرف بڑھنا ہوگا، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کا تمام صوبوں کے قیام اور انتظامی اصلاحات پر قومی سطح پر بحث کرانے کا مطالبہ

ملک میں انتظامی اصلاحات ناگزیر ہے، صوبوں کے قیام اور وسائل کی منصفانہ تقسیم پر قومی بحث کرائی جائے، سیاسی اختلافات دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے مذاکرات سے مسائل حل کریں گے، عمران اسماعیل

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان کو موجودہ سیاسی، معاشی اور انتظامی بحرانوں سے نکالنے کے لیے قومی حکومت وقت کی اہم ضرورت ہے، ملک کو سیاسی محاذ آرائی اور اقتدار کی کشمکش سے نکال کر قومی مفاہمت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تربت دورے کے موقع پر شہداء کے لواحقین سے خصوصی ملاقات کررہے ہیں

ایرانی صدر مسعود پزشکیان موسمیاتی کانفرنس کوپ 31 میں شرکت کے لئے ترکیہ پہنچ گئے

اطالیہ (آن لائن) ایران کے صدر مسعود پزشکیان بدھ کو اقوام متحدہ کی موسمیاتی کانفرنس کوپ 31 میں شرکت کیلئے ترکیہ پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عمران خان کو فوری طور پر شفا اسپتال منتقل کیا جائے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور علاج کیلئے شفا اسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ دہرادیا۔

روزنامہ
Daily SHAL
شال کوئٹہ
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں

12 نومبر 2026ء

ملک میں معاشی استحکام کے بعد اب حقیقی معاشی نمو بڑھانا ہوگی

ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام کے بعد اب حقیقی معاشی نمو بڑھانا ہوگی، 29 لاکھ ایس ایم ایز کو بینکوں سے قرضوں کی سہولت میسر نہیں، چھوٹے کاروبار اور زراعت پر توجہ دینا ہوگی، رواں مالی سال کے اختتام پر 45 ارب ڈالر کی ترسیلات زر آنے کا تخمینہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نا ے کراچی کے نجی ہوٹل میں گرین پیک انٹرنیشنل اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ری-سیٹ 2.0، ریٹیل بینکنگ اینڈ اسمال بزنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ اوورسیز کیلئے کوئی بہتر پراڈکٹ نہ ہونے سے ترسیلات کو ریئل اسٹیٹ اور دیگر سیکٹرز میں انویسٹ کردیا جاتا ہے بینکوں کو اس حوالے سے بھی توجہ دینا ہوگی، ٹیکنالوجی کے اس وقت کئی پلیٹ فارمز ہمارے پاس موجود ہیں جو امید کی کرن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بینکاری شعبے میں گزشتہ 5 سال میں زبردست نمو ہوئی ہے تاہم اب بھی متعدد مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، ہمیں حقیقی جی ڈی پی نمو میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، زراعت جیسے شعبے میں تاحال 2.5 فیصد سے زائد نمو نہیں ہو پا رہی۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ گزشتہ چار سال میں ہم میکرو اکنامک استحکام حاصل کرچکے ہیں، اس استحکام کی قیمت ہم نے کم جی ڈی پی نمو اور بلند بے روزگاری کے ساتھ چکائی، گزشتہ چار سالوں کی جی ڈی پی نمو اوسطا 2.1 فیصد کی معمولی شرح پر رہی۔ انہوں نے کہا کہ تاہم اس میکرو اکنامک استحکام نے ہمیں معاشی نمو کی ایک بنیاد فراہم کردی ہے، اب ہمیں حکمتِ عملی وضع کرنے ہے جو اس میں مددگار ثابت ہوسکے، رواں مالی سال کے باقی ماندہ 8 ماہ میں ایس ایم ایز کو مزید فروغ دینا ہے۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ پاکستان میں موجود 29 لاکھ ایس ایم ایز کو قرضہ نہیں مل پا رہا، ہمارا مدعا یہ ہے کہ زراعت اور چھوٹے کاروباروں پر توجہ دیں، نئے بینکاری پروڈکٹ خود بخود نکلیں گے، کوئی کاروبار تبھی نمو حاصل کرسکتا ہے جب اس کا گاہک نمو حاصل کرے۔ انہوں نے کہا کہ بینک منافع ضرور کمائیں لیکن یہ منافع صرف کسٹمرز کے بل بوتے پر نہیں کمایا جائے، بینکوں کو کرنٹ اکاؤنٹ سے آگے بڑھ کر ایسے پراڈکٹ متعارف کرنے ہوں گے جو کسٹمرز کو ویلیو فراہم کریں۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹیو پاکستان اسٹاک ایکسچینج فرخ سبزواری نے کہا کہ جین زی کو اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری سے والدین روک رہے ہیں، والدین سے گزارش ہے کہ خدارا جین زی کو سرمایہ کاری کرنے دیں، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اوسط ماہانہ اکاؤنٹس 25 ہزار تک کھلوائے جارہے ہیں، گزشتہ سال اوسطا 5 ہزار اکاؤنٹس ماہانہ کھلوائے جاتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جین زی کے والدین نے 1998 اور 2008 کے مالیاتی بحران میں خسارہ جھیلا، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سہولت اکاؤنٹ 7 منٹ میں کھل جاتا ہے، اس میں دستاویزی خطرات نہیں، عمومی اکاؤنٹ میں اے ایم ایل اور کے وائے سی کے مسائل درپیش ہوتے ہیں، تاہم ایس ای سی پی اور اسٹیٹ بینک کے ساتھ اس حوالے سے کام کررہے ہیں۔ بینک الفلاح کے صدر وسی ای او عاطف باجوہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 10 سال قبل بینکاری کا شعبہ کافی پیچھے تھا تاہم آج کے اعشاریے ترقی کا اشارہ کررہے ہیں، جی ڈی پی نمو میں بھی نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکاری کے شعبے میں لالچ کا عنصر بڑھ گیا ہے، ہم پراڈکٹس تو متعدد متعارف کرواتے ہیں تاہم ہمارا مطمع نظر کسٹمر سے زیادہ اپنے نمبر اور منافع ہوتا ہے، آج کل کرنٹ اکانٹس کافی منافع بخش ہیں لیکن کسٹمر کو کرنٹ اکاگونٹ کھلوانے کا مشورہ دینے کا مطلب ہے کہ کسٹمر نہیں بینک پیسہ بنائے گا۔ عاطف باجوہ نے کہا کہ کئی مرتبہ ہم بات کرتے ہیں کہ اسلامی بینکوں کے مارجن روایتی بینکوں سے زیادہ کیوں ہیں، ایسے کئی معاملات ہیں جن کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی مشیر خزانہ برائے خصوصی اقدامات عدنان پاشا نے کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ پائیدار معیشت کیلئے چھوٹے کاروباروں اور کسانوں کو آسان قرضے ناگزیر ہیں جو یہاں نہیں ملتے، جب رسمی قرضے نہیں ملتے تو غیر رسمی قرضے لیے جاتے ہیں جس سے پائیدار نمو ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے زرخیزی پروگرام کے تحت ہر کسان بینک اکاگونٹ ہولڈر بن چکا ہے، حکومت بینکوں کو نہ صرف رسک کم کرنے میں مدد بلکہ کاروبار کا ایک موقع فراہم کررہی ہے، ہم سمیڈا سے بھی بات کررہے ہیں کہ بینکوں اور ریگولیٹر کے ساتھ مل کر ایس ایم ایز کی مالی ضروریات پر کام کرے۔ عدنان پاشا نے کہا کہ ہم آئندہ سال زرخیزی 2.0 پروگرام کا آغاز کریں گے، بینکوں کو رسک شیئرنگ کرنا ہوگی، پراڈکٹ سے پراڈکٹیویٹی کی طرف جانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم قرض تک رسائی پروگرام کا ہر ماہ جائزہ لیتے ہیں، پالیسی کا تسلسل ہی قرض تک رسائی میں بہتری لاسکے گا، زراعت میں ہمیں بینکوں کی مدد درکار ہے کہ ان کے قرضے 2 ہزار ارب روپے تک بڑھائے جاسکیں۔ سلیم اللہ نے کہا کہ گزشتہ چار سال میں جی ڈی پی کی اوسط شرح نمو صرف 2.1 فیصد رہی، معاشی استحکام کی قیمت کم جی ڈی پی نمو اور بلند بے روزگاری کی صورت میں چکائی، پاکستان کا بینکاری شعبہ گزشتہ پانچ سال میں نمایاں ترقی کرچکا ہے، زراعت جیسے شعبے اب بھی ڈھائی فیصد سے زیادہ نمو حاصل نہیں کرپا رہے۔

حالیہ سیلاب سے بچاؤ کی ضرورت

بارش کے بعد سیلاب کا موسم شروع ہوتا ہے تو پرانے زخم یاد آجاتے ہیں، ابھی گزشتہ سیلاب کی تباہ کاریوں سے جان نہیں چھوٹی تھی کہ ایک بار پھر ملک کے مختلف علاقوں میں سیلاب نے تباہی مچا دی ہے، حالیہ اطلاعات کے مطابق لاہور شہر کے مختلف علاقوں میں سیلابی پانی داخل ہوا ہے، چناب کا بڑا ریلا جھنگ میں داخل ہوا ہے، جھنگ شہر کو بچانے کے لیے ریواز برج کے قریب شگاف لگایا گیا، وزیرآباد، قصور، نارووال، حافظ آباد، کمالیہ، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ، سرگودھا، وہاڑی، پاکپتن بہاول نگر اور بہاول پور سیلاب کے گھیرے میں ہیں، سخت حفاظتی اقدامات کی ضرورت ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ سیلاب کا خطرناک ریلا ملتان کی طرف بڑھ رہا ہے، ہیڈ محمد والا کے قریب شگاف کا فیصلہ کیا گیا ہے، لودھراں میں فوج طلب کی گئی ہے، دریائے سندھ میں اونچے درجے کا سیلاب ہے، راجن پور کی انتظامیہ نے دیہی علاقوں میں مقیم آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ وسیب تمام دریاؤں کا مرکز ہے، تمام دریا یہاں آکر ملتے ہیں اور سیلاب کا سب سے بڑا بوجھ ہیڈ پنجند پر ہوتا ہے۔ وسیب کے دریاؤں سے سیلابی ریلے گزریں گے اس بناء پر سخت اقدامات کی ضرورت ہے۔

وسیب میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر فوٹو سیشن ہوتے ہیں، غیر ملکی امدادیں حاصل کرکے ہڑپ کرلی جاتی ہیں جبکہ عملی طور پر کچھ نہیں ہوتا۔ اس سے بڑھ کر ظلم اور کیا ہوسکتا ہے کہ 2010ء کے سیلاب کی بحالی ابھی تک نہیں ہوئی کہ ایک اور سیلاب سر پر آگیا۔ پی ڈی ایم اے کے ڈی جی عرفان کاٹھیا کا کہنا ہے موسمیاتی تبدیلی ایک حقیقت ہے، موسمیاتی تغیر کی وجہ سے غیر متوقع بارشیں ہوئیں، سیلاب کی وجہ سے فصلوں کو کافی نقصان پہنچا، موسمیاتی تبدیلی کو مدنظر نہ رکھ کر کوئی بھی کام کریں گے تو اس کا نقصان ہوگا۔ لیکن صرف نقصان کا حوالہ

ظہور دھریجہ

دینا کافی نہیں بلکہ نقصان کے بچاؤ کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ہمارے ملک میں سب کچھ اقتدار کی جنگ کے لیے ہوتا ہے، ملک کی ترقی یا ملک کو آفات سے بچانے کے لیے کچھ نہیں کیا جاتا، ہمارے ملک میں فطرت سے فائدہ اٹھانے کی بجائے فطرت سے ٹکراؤ کی صورت پیدا کی جاتی ہے، دریائی زمینوں پر قبضے فطرت سے جنگ کے مترادف ہیں مگر بااثر لوگ یہ سب کچھ کرتے ہیں، غریب اس کا خمیازہ بھگتتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ آفات غریبوں کے لیے تباہی اور امیروں کے لیے زیارت کا باعث بنتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اقتدار کی بجائے ملک و قوم کے لیے فیصلے کئے جائیں۔ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی سینیٹر مصدق ملک کا یہ بیان خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ دریا کنارے بنے طاقتور شخصیات کے ریزورٹس بچانے کیلئے پوری پوری بستیاں اجاڑ دی گئیں۔ ہمسایہ ملک چین نے موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے کیلئے اقدامات کر لیے ہیں۔ ایک خبر کے مطابق چین جس مقدار میں چاہے اور جہاں چاہے بارشیں کرا سکتا ہے۔ چین سے اس سلسلے میں مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے پاکستانی معیشت کا بہت نقصان ہو چکا ہے۔ آئندہ کیلئے اقدامات ضروری ہیں تاکہ ملک کی معیشت کو ہر تھوڑے عرصے بعد لگنے والے بڑے دھچکے سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس حقیقت سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے آنیوالی قدرتی آفات سے ہونے والے نقصان کے بارے میں عالمی سطح پر اقدامات کی ضرورت ہے اور پاکستان کو اقوام عالم کیساتھ مل کر اقدامات کرنا ہوں گے ورنہ نقصانات ہوتے رہیں گے اور نقصانات کے ازالے کیلئے ہمارے پاس تو وسائل ہی نہیں ہیں۔ سب کچھ مانگے تانگے پر چل رہا ہے۔ قرضوں نے تو پاکستان کو اس قابل بھی نہیں چھوڑا کہ وہ خود کو سہارا دے سکے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ کب تک؟ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں سے ایک ہے۔ عالمی ادارے جرمن واچ نے گزشتہ روز دہائیوں کے دوران ہونے والی موسمیاتی تبدیلیوں کے جائزے پر مبنی اپنی جو رپورٹ میں کہا تھا کہ پاکستان ان دس ممالک میں شامل ہے جو ان تبدیلیوں کے باعث بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ برطانیہ کے موسمیاتی ادارے کی تحقیق بتاتی ہے کہ موسموں کی شدت کے پاکستان بھارت میں ریکارڈ ٹوٹنے کے امکانات سوگنا سے بھی زیادہ ہو چکے ہیں۔ عالمی اداروں کی رپورٹوں اور جائزوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستان کے موسمیاتی تبدیلی کی زد میں ہے اور یہ سلسلہ رکنے والا نہیں اور مستقبل میں ہمیں مزید قدرتی آفات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ حکومت کو اپنی مینجمنٹ پر توجہ دینا ہوگی۔ جتنے بھی نقصان ہو رہے ہیں یہ سب مس مینجمنٹ کا نتیجہ ہیں۔ وسیب اناج کا مرکز ہے۔ پورے ملک کے ساتھ ساتھ افغانستان و دیگر ہمسایہ ممالک کو بھی آٹا وسیب سے جاتا ہے۔ وسیب پر توجہ کی ضرورت ہے اگر وسیب کی زراعت کو ترقی دی جائے اور زراعت پر مبنی انڈسٹری قائم کی جائے اور وسیب کو صوبے کا درجہ مل جائے تو پاکستان ہر طرح کی خوراک میں خود کفیل ہوسکتا ہے۔ اس خطہ کی کپاس پوری دنیا میں مشہور ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ وسیب کی کپاس دنیا کی ایک اہم ترین ریشہ دار فصل ہے، اس سے لباس اور کپڑے کی دوسری مصنوعات تیار کی جاتی ہیں، اس کے بنولے کا تیل بناسپتی گھی کی تیاری کے لئے بطور خام مال استعمال ہوتا ہے۔ دنیا بھر میں کپاس پیدا کرنے والے ممالک میں پاکستان چوتھے نمبر پر ہے جبکہ ملکی مجموعی پیداوار کا قریباً 70 فیصد وسیب میں پیدا ہوتا ہے، کپاس کی کاشت کے مرکزی علاقوں میں ملتان، خانیوال، وہاڑی، لودھراں، بہاولنگر، بہاولپور، ڈی جی خان، راجن پور، مظفر گڑھ، لیہ، ساہیوال اور رحیم یار خان و دیگر اضلاع شامل ہیں۔ سرائیکی وسیب کو سیلاب سے بچانے کی ضرورت ہے، وسیب کی زراعت کو بچانا بھی ضروری ہے۔

عورت اور جاپان

آج سے آٹھ نو سال قبل لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بین الاقوامی روانگی کے مسافر لاؤنج کی طرف جانے سے چند لمحے قبل اس نے الوداعی کلمات سے ذرا پہلے مجھ سے پوچھا: پاپا! ایک بات کہوں؟ میں نے آنکھوں کی دھندلاتی کیفیت کو ظاہر کا رستہ طے کرنے سے پہلے حیرت، تشویش، تجسس اور پوری توجہ سے کہا: بتاؤ بیٹا! 'پاپا! آپ کو پتہ ہے کہ بچپن میں آپ مجھے گھر کے بالکل سامنے واقع ہفزا حسیکے گھر بھی اکیلے نہیں جانے دیتے تھے اور ساتھ والی گلی میں موجود ننھیال کے ہاں بھی موٹر سائیکل یا گاڑی پہ چھوڑ کے آتے تھے، دو تین فرلانگ کے فاصلے پہ ہمارا سکول تھا، بھائی اور مجھے کبھی پیدل نہیں بھیجا۔ جب لاہور کے ہوم اکنامکس کالج میں داخلہ لیا تو کالج گیٹ کی بجائے، اندر ہاسٹل کے دروازے کے سامنے ڈراپ کرتے تھے اور ویک اینڈ پہ وہیں سے پک کرتے تھے۔ لاہور سے ایک بار اپنے شہر شیخوپورہ ضد کر کے سہیلیوں کے ساتھ سرکاری بس پہ سفر کیا تھا، اس کا بھی آپ نے برا منایا تھا۔ آج آپ سیکڑوں لوگوں میں، ہزاروں میل دور اجنبی دیس کا سفر کرنے کے لیے مجھے اکیلا چھوڑ کے جا رہے ہیں؟' سوال بڑا اچانک، مختلف، انوکھا، محبت بھرا اور الجھا ہوا بھی تھا، جب کہ اس کا جواب، جو کہ نہایت مشکل تھا اور جگہ بھی کوئی امتحانی مرکز، اپنا گھر یا ذاتی گاڑی نہیں بلکہ ایک بین الاقوامی ہوائی اڈا اور چیتا ہجوم تھا، وقت بھی نہ ہونے کے برابر۔

چنانچہ اُس وقت تو اس اکلوتی کو میں نے ایک گمبھیر سی مسکراہٹ میں ٹال دیا اور پھر کئی برس اس سوال کا جواب کھوجنے میں گزار دیے۔ آج اسی بیٹی کے ساتھ ساگا، جاپان میں چوبیس دن گزار کے واپس آئے مجھے دوسرا دن ہے اور میرا جی چاہ رہا ہے کہ بیٹی کے اس پیچیدہ سوال کا سنجیدہ جواب دے ہی دیا جائے۔ دوستو! یہ میری سب سے بڑی بیٹی وجیہہ احمد ہے، جسے دنیا میں آنے کی اتنی جلدی تھی کہ شادی کے ٹھیک نو مہینے بعد ہی عین میری تاریخ پیدائش والے دن (تیس دسمبر) پہ قبضہ کر کے پیدا ہوگئی۔ اعتماد اور ذہانت اول روز ہی سے اس کے چہرے مہرے سے مترشح تھے۔ ایک واقعہ مجھے آج تک نہیں

ڈاکٹر اشفاق احمد ورک

بھولتا۔ ہم ان دنوں شیخوپورہ کالج کے بنا کاوش و خواہش میسر آئے پرنسپل ہاؤس میں مقیم تھے، جہاں سے کلاس روم، مارکیٹ، احباب سب قریب تھے۔ 'پہلا بچہ لاڈلا ہوتا ہے اور زیادہ توجہ مانگتا ہے' کے فارمولے کے مصداق ہم اس کی ایک ایک ادا، بات یا ضرورت کا خیال رکھتے تھے۔ کالج جانے سے قبل ہم میاں بیوی اس بات کا خاص اہتمام کرتے کہ بیوی اس کو صحن یا کسی دوسرے کمرے میں لے جائے تاکہ دنیائے جیگان کی روایت کے مطابق بچی ساتھ جانے کی ضد نہ کرے۔ ایک دن میں تیار ہو کے کالج جانے سے پہلے لاؤنج میں کھڑا بیگ کو ایک ہاتھ میں پکڑے اچٹتی نظروں سے بیگم کو ادھر اُدھر ڈھونڈ رہا تھا کہ پاس کھڑی اس 'سہولت کار' نے ماں کو آواز دی: ''ماما، ماما! مجھے دوسرے کمرے میں لے جائیں پاپا نے کالج جانا ہے۔'' یہی سنجیدگی، دانائی، معاملہ فہمی آج تک اس کے ساتھ ہے۔ اس کے سال، سوا سال بعد بیٹا (عائش احمد ورک) پیدا ہوا تو ہوش سنبھالتے ہی بڑی بہن بن بیٹھی، اس کی نگرانی، حیرانی، پریشانی، مشاورت، مذمت، تحسین، سب میں ساجھے دار۔ یہ سلسلہ بھی آج تک جاری ہے کیونکہ بیٹا بھی ایف سی کالج میں چھٹے سال گزار کے (پڑھ کے جان بوجھ کے نہیں لکھا کیونکہ مجھے اعتراف ہے کہ ہم جانوں کے اکثر بچے سکولوں کالجوں میں پڑھتے کم اور زیادہ تر ماں باپ کی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے تعلیمی دورانیے کا وقت گزارتے ہیں) اس کے پیچھے پیچھے جاپان سدھارا اور آج کل اس کے گھر سے دو کلومیٹر دور اپنی بیگم کے ساتھ مقیم ہے اور دونوں کی ناشتے، کھانے، سفر، شاپنگ وغیرہ پہ تقریباً روز ملاقات ہوتی ہے۔ ہمارے گھر میں بھائی سب بہنوں سے چھوٹا بھی ہو تو وہ خواہ مخواہ کا سربراہ بننے کی کوشش میں ہوتا ہے بالخصوص بہنوں کی سلطنت میں اسی کا سکہ چلتا ہے لیکن یہاں آج تک اسی کی رائے غالب ہے۔ اس بیٹی نے میٹرک کیا تو میں بچوں ہی کی تعلیم کا سوچ کے، نیز سرکاری نوکری کی ترجیح کو ختم کر کے ایف سی کالج لاہور آچکا تھا۔ چنانچہ گھر والوں کی خواہش، میری سہولت اور اس کی مرضی کے مطابق میرے کالج کے قریب یعنی گلبرگ ہی میں واقع ہوم اکنامکس کالج میں داخل کروانے کا فیصلہ ہوا۔ اس کالج میں اس نے چھے سال گزارے، نفسیات میجر کے ساتھ بی ایس کیا۔ خاص بات یہ کہ اس تعلیمی سلسلے کا ایک سال باقی تھا کہ اسلامی روایت کے عین مطابق کہ لڑکی بالغ ہو جائے تو فوراً نکاح کر دو' اس کی شادی کر دی۔ اس سے بھی خاص بات یہ کہ خاندان سے جہیز، تاخیر وغیرہ کے خاتمے کی خاطر سادگی کے ساتھ ایک قریبی عزیز نقاش ابراہیم (بھانجا، جس نے ابھی بی کام کا امتحان دے رکھا تھا) کے ساتھ دونوں کی مرضی سے نکاح کیا اور نکاح پہ ساڑھے آٹھ سَو پاکستانی روپے خرچ آئے۔ غالب نے ڈھائی سو سال قبل کہا تھا: اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں کچھ عرصہ بعد رُخصتی بھی نہایت سادگی کے ساتھ ہوئی۔ شادی کا آخری سال اس کے سسرال والوں نے مجھ سے بھی زیادہ توجہ کے ساتھ مکمل کروایا۔ اب کے اس کے گریڈز کی صورت حال پہلے سالوں سے بہتر رہی۔ نکاح کے بعد نقاش ابراہیم کا مناسب سا رزلٹ آگیا کہ آخر وہ بھی جانوں ہی کا بیٹا تھا۔ مستقل مخدوش ملکی حالات کے پیش نظر اس نے جاپان ایجنسی میں ویزے کے لیے اپلائی کیا تو ویزہ مل گیا اور یہ محنت مزدوری کے لیے جاپان روانہ ہو گیا۔ روٹی روزی کی صورت تھوڑی بہتر ہوئی تو وجیہہ کا ویزہ بھی بھجوا دیا کیونکہ ہمارے ہاں 'جہاں میاں وہاں بیوی' کا بھی دیرینہ رواج ہے۔ بیٹی کی طرف سے میری ایئرپورٹ پہ اکلوتی اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ آج الحمدللہ دونوں میاں بیوی ساگا، جاپان میں جاپانی، اُردو، پنجابی زبان بولتے پیارے پیارے تین بچوں (نو سالہ عائشہ ابراہیم، آٹھ سالہ محمد ابراہیم اور پونے چار سالہ عیسیٰ ابراہیم) کے ہمراہ اپنے ذاتی گھر میں مقیم ہیں۔ تینوں بچے جاپانی سکولوں میں زیر تعلیم ہیں۔ کچھ فاصلے پر بیٹا اور بہو اُسوہ، اپنی سوا سالہ بچی حیا عائش اور نومولود، زادیار عائش کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ عیسیٰ ابراہیم اور یہ دونوں بچے جاپان میں پیدا ہوئے۔ میرا یہ موجودہ دورہ انھی بیٹے، بیٹی، داماد، بچوں کی دیرینہ شدید خواہش اور پوتے کی پیدائش اور دیدار کی خوشی کے سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ مزے کی بات یہ کہ اس دورے میں مجھے تین ڈرائیوروں اور چار ترجمہ کاروں کی سہولت میسر تھی۔ ابراہیم اور عائش کے ساتھ یہ بیٹی کہ جسے پاکستان میں مَیں نے ڈرائیونگ کی الف ب سکھائی تھی۔

ہماری عدلیہ کی پائیدار قوت

ہر وہ معاشرہ جو انصاف، مساوات اور جمہوریت کا خواہاں ہو، وہاں عدلیہ ایک مقدس مقام رکھتی ہے۔ پاکستان میں یہ حقیقت اور زیادہ شدت کے ساتھ جھلکتی ہے کیونکہ ہماری عدالتوں نے دہائیوں پر محیط مشکلات کا سامنا کیا ہے اور ہمارے جج صاحبان نے ذاتی آسائش اور آرام کو پس پشت ڈال کر اپنے فرائض دیانت داری سے انجام دیے ہیں۔ آج معزز سپریم کورٹ کے جج صاحبان اور ہائی کورٹ کے جج صاحبان دن رات محنت کر کے اس طویل التوا کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس نے ہمارے نظام انصاف کو بوجھل کر رکھا ہے۔ یہ کوئی آسان کام نہیں۔ ہزاروں فائلوں کی جانچ، وکلاء کے دلائل کو صبر سے سننا، اور نہایت باریکی و احتیاط کے ساتھ فیصلے تحریر کرنا، وہ بھی عوام اور سیاسی رائے عامہ کی کڑی نگرانی میں، ایک ایسی ہمت چاہتا ہے جسے صرف وہی جانتے ہیں جنہوں نے انصاف کا لباس زیب تن کیا ہو۔ عام شہری اس بوجھ کی سنگینی کو پوری طرح محسوس نہیں کر پاتا۔ ہر زیر التوا مقدمہ ایک امید کے رکے رہنے کی کہانی ہے، ایک حق کے ادھورے رہ جانے کی مثال ہے، ایک شکوے کے حل کے انتظار کا استعارہ ہے۔ فریق مقدمہ کے لیے تاخیر شدہ انصاف اکثر انصاف سے انکار کے مترادف ہوتا ہے۔ ہمارے جج صاحبان اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ وہ پوری ذمہ داری کے ساتھ اس بوجھ کو اٹھائے ہوئے ہیں کہ ہر شہری کو، خواہ وہ طاقتور ہو یا کمزور، بروقت انصاف میسر آئے۔ ان کی لگن ان غیر معمولی اوقات کار میں عیاں ہے جو وہ سماعت، تحقیق اور غور و فکر پر صرف کرتے ہیں۔ عدالت کو توہین عدالت کی کارروائی کا اختیار حاصل ہے۔ لیکن ہمارے جج صاحبان اس معاملے میں بھی ضبط کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ توہین عدالت ایک سخت لیکن بے لچک آلہ ہے، جس کے حد سے زیادہ استعمال سے برداشت کے بجائے عدم برداشت کا تاثر ملتا ہے۔ وہ اس اختیار کو عموماً آخری چارہ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ یہی ان کے بالغ نظری اور وسیع تر انصاف پسندی کا ثبوت ہے۔ میں خود ان پابندیوں کا پابند

چوہدری محمد نعیم

نہیں ہوں۔ سابق چیف جسٹس ہونے کے ناطے میں اب اس حیثیت سے بول رہا ہوں کہ میں نے ان کا سفر طے کیا ہے، میں نے عدالتی چادر کا بوجھ اٹھایا ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس خدمت کے کیا تقاضے ہیں۔ میری نہ کوئی ذاتی دلچسپی ہے، نہ کوئی تنازعے کی خواہش، نہ کوئی موجودہ معاملے میں کردار۔ میری واحد تشویش عدلیہ کا دفاع ہے۔ میں اسے اپنی قومی ذمہ داری سمجھتا ہوں کہ عوام کو یاد دلاؤں کہ عدلیہ ان کے حقوق کی آخری فصیل ہے۔ اگر یہ فصیل سکینڈل، غلط بیانی یا سیاسی مفاد کے باعث کمزور پڑ گئی تو سب سے زیادہ نقصان ان شہریوں کو ہوگا جن کی آزادی، جائیداد اور عزت قانون کے منصفانہ اطلاق پر موقوف ہے۔ ہمارے جج صاحبان کامل نہیں۔ کوئی انسانی ادارہ کامل نہیں۔ وہ بھی خطا کر سکتے ہیں، جیسے ہر انسان کرتا ہے۔ لیکن عدالتی نظام کی عظمت اسی میں ہے کہ اس میں اپنی اصلاح کی گنجائش موجود ہے۔ بڑے بینچ فیصلوں کا جائزہ لیتے ہیں، اپیل کے نظام میں غلطی کے ازالے کا طریقہ موجود ہے۔ مگر جج کی ذات پر حملہ کرنا، نظام کی اصلاح نہیں بلکہ اس کے اعتبار کو مجروح کرنا ہے۔ اور ایک بار جب اعتبار ختم ہو جائے تو اس کا احیا نہایت مشکل ہوتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ عدلیہ کی مشکلات کو نظامی مسائل اور بڑھا دیتے ہیں۔ مقدمات کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے جتنی موجودہ ججوں کی تعداد سنبھال سکتی ہے۔ سہولیات محدود ہیں، انتظامی عملہ کم ہے، اور طریقہ کار میں اصلاحات سست روی کا شکار رہتی ہیں۔ ان سب رکاوٹوں کے باوجود ہمارے جج صاحبان ڈٹے رہتے ہیں۔ وہ ذاتی فائدے کے لیے نہیں بلکہ عوام اور خدا کے سامنے اپنے عہد کی پاسداری کے لیے آگے بڑھتے ہیں کہ وہ بغیر خوف یا رعایت، محبت یا بغض کے انصاف کریں گے۔ عوام کو یہ قربانی یاد رکھنی چاہیے۔ جب وہ کسی فیصلے پر تنقید کریں تو دلیل اور قانون کی بنیاد پر کریں۔ جب عدالتی فلسفے پر بات کریں تو علم اور شائستگی کے ساتھ کریں۔ لیکن ہمیں ججوں کے کردار کو بدنام کرنے سے گریز کرنا چاہیے، کیونکہ وہ اپنی حیثیت کے باعث اپنے دفاع میں ویسا جواب نہیں دے سکتے جیسا دوسرے دے سکتے ہیں۔ وہ معاشرہ جو اپنے ججوں کا احترام نہیں کرتا، دراصل اپنی بنیادوں کو کھوکھلا کرتا ہے۔ یہ ایک سادہ حقیقت ہے کہ جب بھی کوئی جج فیصلہ سناتا ہے، وہ جانتا ہے کہ ایک فریق مطمئن ہوگا اور دوسرا ناخوش۔ یہ عدالتی عمل کی فطرت ہے۔ لیکن جج کے لیے کوئی دوست یا دشمن نہیں ہوتا، صرف فریقین ہوتے ہیں جن کے حقوق کا تعین قانون کے مطابق کرنا ہوتا ہے۔ میں ذاتی طور پر اسے اعزاز اور ذمہ داری سمجھتا ہوں کہ عدالتی منصب سے سبکدوش ہونے کے بعد اب میں عدلیہ کے دفاع میں کھل کر بات کرسکتا ہوں۔ میری بات کا کوئی قانونی وزن نہیں، لیکن میرا دل اس تجربے سے بھرا ہوا ہے جسے میں نے عدالتی زندگی میں جیا ہے۔ میں جانتا ہوں تنہائی میں فیصلے کرنے کا بوجھ، عوامی توقعات کا دباؤ؟، اور کڑی تنقید کا خطرہ کیا ہوتا ہے۔ اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ دیانت داری سے انصاف کرنے کی تسکین کتنی بڑی نعمت ہے۔ اسی جذبے کے ساتھ میں نہ صرف اپنے الفاظ بلکہ اپنی دعائیں بھی پیش کرتا ہوں۔ اللہ کرے ہماری عدلیہ ہمیشہ مضبوط اور آزاد رہے۔ اللہ ہمارے جج صاحبان کو دباؤ؟ میں حوصلہ، اشتعال کے وقت صبر، اور پیچیدگیوں کے لمحے میں بصیرت عطا فرمائے۔ اللہ کرے کہ عوام اپنی عدالتوں کو محافظ سمجھیں، رکاوٹ نہیں۔ اور ہمارے حکمران جان لیں کہ مضبوط عدلیہ طاقت کے لیے خطرہ نہیں بلکہ استحکام کی ضمانت ہے۔ تاریخ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ جب عدالتیں کمزور پڑتی ہیں تو قومیں بھی لڑکھڑا جاتی ہیں۔ لیکن جب عدالتیں مضبوط اور بے خوف رہتی ہیں تو قومیں ترقی کرتی ہیں۔ پاکستان کی تقدیر اس کی عدلیہ کی صحت کے ساتھ جڑی ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اس کی حفاظت کریں، اس کا دفاع کریں، اور اس کی حمایت کریں۔ کیونکہ انصاف جج کا عوام پر احسان نہیں بلکہ عوام کا بنیادی حق ہے۔ ان کی پیش رفت سست ہو سکتی ہے لیکن مسلسل ہے۔ اور ان کی انصاف سے وابستگی، تمام مشکلات کے باوجود، اٹل ہے۔ اسی لیے میں معزز سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے جج صاحبان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ ان کی قوت، دیانت اور آزادی۔ ان کی قوت، دیانت اور آزادی ہمیشہ قوم کو قانون و انصاف کے راستے پر رہنمائی بخشتی رہے۔ اگر میں یہ نہ کہوں تو اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کروں گا کہ عدالتوں کے عملے اور رجسٹرار صاحبان بھی لائق تحسین ہیں جو دن رات محنت کرتے ہیں لیکن اکثر وکلاء اور فریقین سے داد نہیں پاتے۔ معزز چیف جسٹس صاحبان ہائی کورٹس کو چاہیے کہ ماتحت عدالتوں کا باقاعدہ معائنہ انسپکشن ججوں سے کروائیں اور ہر ماہ اچانک دورہ بھی یقینی بنائیں۔

کیا یہ ایک قومی امتحان ہے؟

پانی زندگی کا وہ سرچشمہ ہے جو ہماری پیاس بجھا کر سکون کا باعث بنتا ہے۔ پانی ہی ہماری پاکیزگی اور طہارت کی وجہ ہے۔ پہاڑوں پر سیر کو جائیں تو بہتے چشمے اور آبشاریں دل اور آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتے ہیں۔ میدانی علاقوں میں پانی کھیتوں کو سیراب کر کے دریا کی روانی کی صورت میں دلوں کو مسرور کر دیتا ہے۔ مگر تاریخ گواہ ہے جب کبھی بھی پانی میں طغیانی آئی تو وہ اپنی حدیں توڑ کر زمین پر اپنا رستہ خود بنا لیتا ہے۔ سیلاب بھی پانی کی وہی ماہیت ہے جو قہر کے سانچے میں ڈھل جاتا ہے۔ یہ سیلاب کی صورت میں بپھرتا پانی انسان کو اس کی غفلتوں سے جھنجھوڑنے کا موجب بنتا ہے۔ مجھے یاد ہے ماں ہمیشہ پانی ضائع کرنے پر بے تحاشہ ڈانٹتیں اور وہ شفاف پانی کو بھی اللہ کا نور کہا کرتی تھیں۔ یہی پانی کھیتوں کو سیراب کرتا ہے تو یہی آج موت کا باعث ہے۔ سیلاب ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ سانچے بدلتے رہیں گے اگر ہم نے مزید غفلتیں برتیں تو اس سے بھی برا انجام ہوگا۔ سیلاب کو قدرتی آفت تو سمجھا جاتا ہے مگر اس کے اشارے کہ اس دنیا کی ہر شے فانی ہے پل بھر کی خبر نہیں اس اشارے کو ہم نہیں سمجھتے۔

ہماری زمین، ہمارے کھیت، ہماری بستیاں، ہمارے عالی شان پلازے سب لمحہ بہ لمحہ ٹوٹتے رہتے ہیں۔ اگر قدرت کے اشاروں کو سمجھا جائے تو یہ ٹوٹنے سے بچ سکتے ہیں۔ کہا جاتا ہے بارش رحمت ہوتی ہے مگر جب یہی بارشیں زحمت بن جائیں تو ایک کڑی آزمائش کا رنگ اختیار کر لیتی ہیں۔ اس برس پاکستان کی زمین پر بھی بے پناہ برستی بارشیں ایک ایسی تکلیف دہ امتحان بن کر برس رہی ہیں جس سے لاکھوں لوگوں کی زندگیاں اجڑ کر رہ گئی ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی NDMA کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق اب تک کی موسی

مریم ارشد

بارشوں کے نتیجے میں ان گنت انسان جان بحق ہوئے۔ خیبر پختون خواہ خصوصاً سوات، بونیر اور باجوڑ کے مختلف اضلاع میں زوردار موسلادار بارشیں ہوں اور بادلوں کے پھٹنے کے سبب انتہائی سنگین صورت حال دیکھنے کو ملی بے شمار گھر صفحہ ہستی سے ہی مٹ گئے۔ ایک اندازے کے مطابق صرف ضلع بونیر میں 274 افراد کی ہلاکتیں اور درجنوں لاشیں لاپتہ ہیں۔ اس پورے صوبے میں مرنے والوں کی تعداد 320 سے تجاوز کر گئی ہے۔ اسی دوران امدادی ہیلی کاپٹر کے حادثے میں پانچ اہل کار بھی اپنی جان کی بازی ہار گئے۔ نہ جانے کتنی ماؤں کے بیٹے اور ننھے بچے جن کے کھیلنے کی آوازیں گھروں میں گونجا کرتی تھیں وہاں اب محض پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔ دریاؤں کے کناروں کی بستیاں ڈوب گئیں۔ کھیت کھلیان پانیوں میں بہہ گئے۔ سیلاب کی تباہ کاریوں سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو گئیں۔ اب تو پنجاب میں بھی فلڈ الرٹ جاری ہو گیا ہے۔ بھارت نے بھی دریائے توی میں پانی چھوڑ دیا جس کی وجہ سے دیہات زیرِ آب آ گئے ہیں۔ حکومت پنجاب نے مناسب اقدامات کرنے کی ٹھانی ہے دیکھیں کیا ہوتا ہے؟ لاہور کا دریا راوی بھی خطرناک حد تک بپھرا ہوا ہے۔ پنجاب کے دیگر بڑے دریا بھی نہایت خطرناک حد تک اپنی سطحوں سے اوپر آ چکے ہیں۔ لاہور کے آسمانوں پر بھی ایک عجیب سا بوجھ اتر آیا ہے بادلوں کی صورت میں۔ متواتر ہوتی بارشیں اب راوی کنارے کی بستیوں کے لوگوں کے دلوں میں خوف کی صورت اختیار کر چکی ہیں۔ شاہدرہ کا علاقہ جو تقریباً دوسرے شہروں سے لاہور کے اندر داخل ہونے کا دروازہ گردانا جاتا ہے اس وقت شدید خطرے میں ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اردگرد کی بستیوں میں پانی چڑھ رہا ہے۔ ایک اور خطرے کی گھنٹی بھارت کے تھین ڈیم سے چھوڑا گیا پانی ہے۔ ماؤں کی آنکھوں میں اپنے بچوں کے لیے خوف ہے۔ کسانوں کے دلوں میں اپنی ڈوبتی ہوئی فصلوں کا دکھ ہے اور باپ کے جذبات آنے والے دنوں کی بھوک اور کم مائیگی کا اندیشہ لیے ہوئے ہیں۔ یہ سیلابی صورتِ حال جہاں ہمیں بہت خوف و ہراس میں مبتلا کرتی ہے وہیں پر بہت سے سوالات بھی اُٹھاتی ہے۔ کیا ہم مستقبل میں بھی صرف ہنگامی ریسکیو پر انحصار کریں گے یا ہم اپنی پالیسیوں میں دور اندیشی لائیں گے۔ نئی رہائشی بستیوں سے پانی کے قدرتی نکاسی کے راستے بند ہو جاتے ہیں۔ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے برفوں کے گلیشیئرز تیزی سے پگھل رہے ہیں جس سے غیر متوقع اور شدید بارشیں پاکستان کو بہت متاثر کر رہی ہیں۔ ہمارے ملک میں ڈیمز کی کمی اور بیراجوں کا نہ ہونا بھی اس حالیہ سیلاب کی وجہ ہے۔ زرعی زمینوں کی تباہی اور درختوں کی کٹائی بھی قدرتی آفات کو دعوت دیتی ہے۔ انفراسٹرکچر کی کمزور منصوبہ بندی اور حالت بھی حالیہ سیلاب کی ایک بڑی وجہ ہے۔ غور کریں تو یہ سیلاب صرف بھارت کے پانی چھوڑنے کی وجہ نہیں بلکہ ہماری غفلت، غیر قانونی رہائشی سکیمیں اور ناجائز پلازے تعمیر کرنا حکومتی بدعنوانیوں کا بدترین مجموعہ ہے۔ اگر اب بھی ہم نے درختوں کی کٹائی اور ناجائز تعمیرات کو نہ روکا اور دریاؤں کو قدرتی محفوظ راستے نہ دیے تو نتائج مزید خطرناک ہوں گے۔ ایک اور اہم سوال یہ ہے کہ جب بھارت نے اپنے ڈیموں کا پانی چھوڑا تو ہم نے اپنے ڈیموں کے پشتے کیوں نہ مرمت کیے؟ بھارت تو ہر سال یہی وطیرہ اپناتا ہے۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر عبدالغفور بلوچ، پتہ ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر 0332-236423۔ میاں ج ک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل نمبر 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450 ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت بہتر ہوگی، قرض قدرتی آفات کے بعد فوری بجٹ معاونت فراہم کرنے کیلئے ہوگا۔ اے ڈی بی نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب، زلزلے اور دیگر آفات سے معاشی نقصانات ہوتے ہیں، 2022 کے سیلاب سے پاکستان کو 14.9 ارب ڈالر براہ راست نقصان ہوا، 2022 کے سیلاب سے 15.2 ارب ڈالر کے معاشی نقصانات ہوئے جب کہ 91 لاکھ افراد غربت کا شکار ہوئے۔ اے ڈی بی کے مطابق قدرتی آفات سے غریب اور دیہی آبادی سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے، خواتین اور لڑکیاں قدرتی آفات سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوتی ہیں، اس پروگرام سے آفات سے بچا اور خطرات کے انتظام میں بہتری آئیگی، پاکستان کی ترقیاتی منصوبہ بندی میں قدرتی آفات سے تحفظ شامل ہوگا، آفات کے بعد مالی وسائل کی دستیابی بہتر بنائی جائیگی اور پاکستان کا ڈیزاسٹر رسک فنانسنگ نظام مضبوط بنایا جائیگا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق آفات سے پہلے تیاری انسانی جانیں اور معاشی وسائل محفوظ بنا سکتی ہے، تیاری سے مستقبل کے معاشی نقصانات کم کیے جاسکتے ہیں، پاکستان میں قدرتی آفات سے متاثرہ کمزور طبقات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، پاکستان کی آفات سے نمٹنے کی استعداد بڑھانے کے لیے معاونت جاری رہے گی۔

شال بقیہ 2

دی گئی۔ زیر بحث منصوبوں میں کم بی ٹی یو گیس سے یوریا کھاد تیار کرنے کا کمپلیکس، فیروکروم پلانٹ، لائیڈ اسے منسلک ترقیاتی امکانات، بلیو اکانومی، زیتون کی کاشت، لائیو اسٹاک فارمنگ، معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے منصوبے شامل تھے۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے منصوبوں میں عملی شرکت اور تیار منصوبوں میں سرمایہ کاری کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے سعودی عرب میں بلوچستان کے ہنر مند افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور اس سلسلے میں پیش رفت تیز کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے اس اقدام کو حکومت بلوچستان کے لیے ایک خصوصی تحفہ قرار دیا۔ اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں معدنیات، توانائی، زراعت، لائیو اسٹاک، ساحلی معیشت اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن صوبے کو ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری و تجارت کا اہم مرکز بنانا ہے، جبکہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے اور کاروبار دوست ماحول کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے سعودی کاروباری وفد کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو منصوبوں کی نشاندہی، متعلقہ اداروں سے رابطوں اور سرمایہ کاری کے عمل میں سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔

شال بقیہ 3

کبھی کبھار دعا سلام ہو جاتی ہے، حکومت کو کوئی خطرہ نہیں اور نئی سیاسی تبدیلی سے متعلق خبریں محض افواہیں ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ لوگ ہر وقت اپنی وی لے کر بیٹھے رہتے ہیں اور بہترین متبادل بننے کی خواہش رکھتے ہیں تاہم اس میں کوئی برائی نہیں۔ چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں مبینہ کرپشن کے الزامات پر ردعمل دیتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی وزیر نے خود تسلیم کیا ہے کہ ان کے پاس الزامات کے کوئی ثبوت نہیں۔ چوہدری سالک نے دعویٰ کیا کہ کرپشن سے الماریاں بھری ہیں لیکن ثبوت کوئی نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص اپنی کہانی لے کر بیٹھا ہے، چوہدری سالک نے بھی ایک بات کی، لیکن جب ان کے پاس ثبوت نہیں تو ایسی باتیں کہاں سے سنیں؟ اچھا یہ باتیں ادھر ادھر سے آتی ہیں، وفاقی وزیر جب اس طرح کے بیانات دے گا تو اس کا جواب بھی آئے گا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے چوہدری سالک حسین کو چیلنج کیا ہے کہ وہ ایک روپے کی کرپشن ثابت کر کے دکھائیں تاہم چوہدری سالک پنجاب حکومت کے لیے کوئی خطرہ یا چیلنج نہیں ہیں۔ ملک میں افواہ سازی کا ماحول ہر وقت گرم رہتا ہے۔ رانا ثنا اللہ نے پنجاب حکومت کی جانب سے طیارے کی خریداری کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ جہاز صوبائی حکومت نے اپنے اکاؤنٹ سے خریدا ہے اور اب یہ پنجاب حکومت کا اثاثہ ہے۔ مریم نواز نے جہاز اپنی ذات کے لیے نہیں خریدا، جہاز دوسرے صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کے پاس بھی موجود ہیں، کیا پنجاب کا اتنا بجٹ نہیں کہ وہ بھی اپنا طیارہ رکھ سکے؟۔ نئے سیاسی انتظام اور 12 صوبے بنانے سے متعلق خبروں پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبے بنانے کا اختیار پارلیمنٹ کے پاس ہے اور 12 صوبوں کی خبر دینے والے یہ نہیں بتاتے کہ انہیں یہ اطلاع کہاں سے ملی؟ 12 صوبے بنانے کی بات کسی وزیر نے نہ کابینہ میں نہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ اور نہ ہی پارلیمنٹ میں ہوئی ہے، جب تک یہ تجویز درست فورم پر نہیں آتی، یہ محض افواہ اور قیاس آرائی ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ حکومت جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے خلاف کسی محاذ آرائی میں شامل نہیں ہونا چاہتی، خواہش ہے کہ مولانا فضل الرحمان خیبرپختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں نئے انتظامی سیٹ اپ کی مدد کریں۔

شال بقیہ 4

فراہم کی جائیں گی، مستقبل میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی۔ بدھ کو یہاں اقوام متحدہ کی 31ویں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے موقع پر 2035 تک گرین انرجی پر منتقلی، مستقبل کو توانائی فراہم کرنا کے عنوان سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے پاکستان کا پرعزم لائحہ عمل پیش کیا اور موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت میں اضافے اور سستی ٹیکنالوجی کی فراہمی پر زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس ضمن میں ملک میں ہونے والی پیشرفت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے توانائی کے مجموعی نظام میں صاف توانائی کے ذرائع کا حصہ اب تقریباً 55 فیصد ہو چکا ہے۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ اٹلی روانگی سے قبل انہوں نے پاکستان کے ساتویں جوہری بجلی گھر کے ایک اہم حصے کا افتتاح کیا جو جدید ترین منصوبہ ہے اور قومی گرڈ میں 1,200 میگاواٹ صاف بجلی شامل کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حال ہی میں متعارف کرائی گئی آٹو پالیسی کے تحت 2030 تک نئی گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے کم ٹیرف سمیت مختلف مراعات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان میں فروخت ہونے والی ہر دس موٹر سائیکلوں میں سے پہلی مرتبہ ایک سے زائد الیکٹرک موٹر سائیکلیں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے تاہم مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کو 2035 تک کم کاربن اخراج کے حامل بجلی پیدا کرنے کے منصوبوں کے لیے تقریباً 138 ارب ڈالر درکار ہیں جبکہ کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کی جگہ شمسی توانائی کے استعمال کے لیے مزید 50 ارب ڈالر کی ضرورت ہے۔ ہوئے وزیراعظم نے ترقی پذیر ممالک کو درپیش مالی مشکلات اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی ترسیل کے نیٹ ورک کو وسعت دینے، توانائی ذخیرہ کرنے کے قابل اعتماد نظام کو یقینی بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کو قابل برداشت بنانے کے لیے بھاری سرمایہ کاری درکار ہے جس کا بوجھ بھاری قرضوں میں جکڑی معیشتیں تنہا برداشت نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے عالمی شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ رعایتی شرائط پر مالی معاونت کی فراہمی یقینی بنائیں اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی میں سہولت فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2035 تک 35 فیصد کا ہدف اسی صورت حاصل ہوگا جب رعایتی سرمایہ اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ذریعے مالی وسائل کی فراہمی ہمارے عزائم کی رفتار کے مطابق ہوگی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ ایسا ترقیاتی ماڈل اپنائے جو اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن قائم رکھے۔ انہوں نے کہا کہ ممالک کو اپنے عوام کی توانائی ضروریات پوری کرنے اور معیشتوں کو ترقی دینے کے قابل ہونا چاہیے تاہم اس عمل میں کرہ ارض کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئیے! عہد کریں کہ ہم اپنے عوام کو غربت میں دھکیلے بغیر اپنی معیشتوں کو توانائی فراہم کریں گے اور کرہ ارض کو تاریک کیے بغیر اپنے گھروں کو روشن کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صاف توانائی کی جانب منتقلی کے وعدے کو اجتماعی عزم اور عملی اقدامات کے ذریعے پورا کرنا ہوگا۔ وزیراعظم نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان صاف توانائی کے اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

شال بقیہ 5

کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار ایک شخص موقع پر دم توڑ گیا جبکہ اس کے دو ساتھی شدید زخمی ہو گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے تینوں افراد دندر کے علاقے کا تھوڑ کے ایک باغ میں مزدوری کا کام کرتے تھے اور کام سے واپس لوٹ رہے تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، پولیس نے لاش اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کیا جہاں سے دونوں زخمیوں کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں فوری طبی امداد کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

شال بقیہ 6

کی تاریکی میں چیک پوسٹ کو نشانہ بناتے ہوئے بھاری ہتھیاروں سے شدید فائرنگ کی، تاہم وہاں تعینات پولیس اہلکاروں نے فوری اور بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنا دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس جوانوں اور حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ رات گئے شروع ہو کر صبح تک جاری رہا۔ ڈی پی او کے مطابق دہشت گردوں کی جانب سے کیے جانے والے بھاری ہتھیاروں کے استعمال کے باعث چیک پوسٹ کی عمارت کو جزوی نقصان پہنچا ہے، تاہم پولیس کی جانب سے مؤثر مقابلے اور سخت مزاحمت کے بعد تمام حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ علاقے کو محاصرے میں لے کر بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے تاکہ حملے میں ملوث عناصر کی گرفتاری کو یقینی بنایا جا سکے۔ حکام کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران بم ڈسپوزل یونٹ نے آئی ای ڈی برآمد کر لی۔

شال بقیہ 7

سے کلرک عدالت میں پیش ہوئے، ڈی سی آفس کی جانب سے عدالت میں کلرک کی نمائندگی پر چیف جسٹس برہم ہو گئے۔ کلرک نمائندہ ضلع انتظامیہ نے کہا کہ دوسرے ضلع سے این او سی کے ایک سال بعد ڈومیسائل بنتا ہے، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے استفسار کیا کہ آپ کون ہیں، آپ کا کیا عہدہ ہے، کلرک نے جواب دیا کہ میں ایل ڈی سی کلرک ہوں۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ یہ کیا طریقہ ہے، نواب کے بچوں نے خود آنے کے بجائے کلرک بھیجا ہے، نہ ڈی سی آیا، نہ سپرنٹنڈنٹ اور نہ اے سی، بلا لیں ڈی سی کو، جب این او سی آ گیا تو کیا وہ ایک سال انتظار کرے گا، پانچ روز میں شہری کو ڈومیسائل نہ بنا کر دیا تو ڈی سی ذاتی حیثیت میں پیش ہو۔ عدالت نے ہدایت کے ساتھ کیس کی سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کر دی۔

شال بقیہ 8

قتل کا واقعہ قرار دیتے ہوئے تحقیقات کر رہے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق سیکیورٹی ذرائع نے احمد الطوافی کی موت کی وجہ بتانے سے گریز کیا ہے۔ لبنانی ذرائع ابلاغ کے مطابق احمد الطوافی کی لاش منگل کی شام بیروت کے علاقے طارق الجدیدہ میں واقع 1 اپارٹمنٹ سے برآمد ہوئی۔ لبنانی سرکاری خبر رساں ایجنسی (این این اے) کے مطابق ملک کے اعلیٰ پراسیکیوٹر جج احمد رامی الحاج ذاتی طور پر اس قتل کی تحقیقات کی نگرانی کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

وکلا نے اڈیالہ جیل راولپنڈی میں عمران خان سے ملاقات کی اور اس کے بعد سردار لطیف کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ملاقات تین چار گھنٹے ہوئی ہے، بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ان کی صحت اور مقدمات پر بات ہوئی ہے، کل ہم ملاقات کی تفصیل لکھیں گے اور یہ سب آپ کے سامنے آشکار ہو جائے گا۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی کا بلڈ پریشر اور آنکھ کا معاملہ ہے، بانی کا بلڈ پریشر خوف ناک حد بلند تک ہے، بانی کا ارادہ مضبوط تھا اور وہ مستعد تھے۔ انہوں نے کہا کہ 28ویں ترمیم پر بات ہوئی ہے لیکن اس پر بات نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات طویل کیوں ہوئی یہ تو جیل والوں سے پوچھیں، عدالت نے کہا تھا ملاقات ایک گھنٹے سے کم نہیں ہونی چاہیے زیادہ ہو تو کوئی بات نہیں۔ سردار لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سیر حاصل رہی اور تمام معاملات پر گفتگو ہوئی۔ جیل جانے سے قبل دونگل نے کہ پر مختصر گفتگو میں بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ ملاقات صرف مقدمات کے حوالے سے ہدایات لینے کے لیے ہے۔ جیل ذرائع کے مطابق بیرسٹر سلمان صفدر اور سردار لطیف کھوسہ کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات 2 گھنٹے سے زائد جاری رہی اور دونوں وکلا نے ان سے مقدمات اور متفرق پٹیشنز پر تفصیلی مشاورت کی۔ جیل ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے دوران ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں اور وکلا نے بشریٰ بی بی کے مقدمات اور دیگر قانونی پہلوؤں پر بھی بانی سے مشاورت کی۔ ذرائع نے بتایا کہ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے وکلا کی ملاقات کانفرنس روم میں کرائی گئی۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے گزشتہ روز عمران خان اور ان کے وکلا کی ملاقات کرانے کا حکم جاری کردیا تھا اور بتایا گیا تھا کہ ایڈووکیٹ جنرل تین بجے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کی ملاقات کرائیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت 10 دن بعد مقرر کرنے کی ہدایت کر دی ہے اور کیس کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے کی۔

شال بقیہ 10

رفیق اور صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری داخلہ فیصل فرید اور چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ ساجد چوہان نے شرکت کی اور انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں کمشنر لاہور، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سیکورٹی، ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز، ڈی جی پی آر پنجاب، چیف کوآرڈینیٹر پلاننگ، پاکستان کسٹمز، ایف آئی اے، ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول، پاکستان رینجرز پنجاب اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی جبکہ سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور، مختلف ڈویژنز اور اضلاع کے کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سیکورٹی اداروں کے نمائندگان ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بابا گرو نانک دیو جی کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے 22 نومبر سے یکم دسمبر 2026 تک یاتری پنجاب میں قیام کریں گے۔ دنیا بھر اور پاکستان سے تقریباً 30 ہزار یاتریوں کی شرکت متوقع ہے، جن میں بھارت سے آنے والے 3 ہزار سکھ یاتری بھی شامل ہوں گے۔ یاتری ننکانہ صاحب، فاروق آباد ضلع شیخوپورہ، حسن ابدال، کرتارپور نارووال اور لاہور سمیت مختلف مذہبی مقامات کا دورہ کریں گے۔ چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ہمیشہ کی طرح بابا گرو نانک صاحب کے 557ویں جنم دن کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں گے، پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کا بہترین موقع ہے، یاتریوں کیلئے ٹرانسپورٹیشن، میڈیکل، فوڈ سمیت تمام انتظامات مثالی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے، تمام ادارے یاتریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے انتظامات بروقت مکمل کریں گے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ امیگریشن کے لئے ایف آئی اے کی جانب سے زیادہ سے زیادہ کاؤنٹرز قائم کئے جائیں گے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایسے انتظامات کریں کہ یاتری واپسی پر ہمیشہ کی طرح پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگائیں، معاملہ پاکستان کی عزت کا ہے، کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے، گوردواروں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور ہسپتالوں میں اضافی بیڈز کا انتظام کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوردواروں کے نزدیک ایسی کھانے پینے کی اشیا کی ممانعت ہوگی جو سکھ مذہب میں منع ہیں، گوردواروں کے گرد خوبصورتی کی ذمہ داری پی ایچ اے کی ہے۔

شال بقیہ 11

ان کے دائیں یعنی بلڈ پریشر اور شوگر وغیرہ کو نارمل پایا گیا۔ وہ صحت مند تھے اور ان کا جنرل میڈیکل چیک اپ نارمل تھا۔ انتظامیہ کا مزید کہنا تھا کہ ان کی اجازت لینے، تمام ضروری احتیاطی تدابیر اپنانے، اور مناسب جائزہ لینے سمیت تمام پروٹوکول فالو کرنے کے بعد ان کی آنکھ میں نیکا (انٹرا وٹریل اینٹی وی ای جی ایف انجکشن) لگایا گیا۔ انجکشن لگانے کا عمل شعبہ امراض چشم کی ٹیم نے مکمل کیا، جبکہ بانی پی ٹی آئی کی عمومی جسمانی حالت بھی تسلی بخش اور مستحکم قرار دی گئی ہے۔ جیل ذرائع کے مطابق اسپتال میں عمران خان کی آنکھوں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا، ان کا بلڈ پریشر چیک کیا گیا اور کولیسٹرول اور دیگر ضروری طبی ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹروں نے ان کی پہلے سے تجویز کردہ ادویات کا جائزہ لیا اور مزید ادویات بھی تجویز کیں۔ طبی معائنے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو سخت سیکورٹی میں واپس اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 12

مطابق تربیلا ڈیم ہائیڈل سسٹم میں اچانک تکنیکی خرابی کے باعث بجلی کی پیداوار شدید متاثر ہوئی، جس کے نتیجے میں لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے دیگر علاقوں میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ تربیلا ڈیم میں تکنیکی خرابی، ملک بھر میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا تربیلا ڈیم کے ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی کے باعث بجلی کی فراہمی متاثر ہوگئی، جس سے ملک میں بجلی کی طلب اور رسد کا فرق مزید بڑھ گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ تربیلا ڈیم سے بجلی کی پیداوار کم ہو کر 656 میگاواٹ رہ گئی ہے جبکہ دو یونٹ بند ہیں۔ ہائیڈل بجلی کی پیداوار میں کمی کے باعث لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ لیسکو کا شارٹ فال 800 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے، جس کے باعث لاہور میں شام کے بعد چار گھنٹے تک غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ لیسکو سمیت کسی بھی بجلی تقسیم کار کمپنی نے لوڈشیڈنگ کا باقاعدہ شیڈول جاری نہیں کیا تھا، جس پر وزارت پاور نے نوٹس لیتے ہوئے تمام کمپنیوں کو فوری طور پر لوڈشیڈنگ کا شیڈول جاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی طلب اور رسد میں پیک اوور میں فرق آ گیا، دن میں بجلی طلب 10 سے 12 ہزار میگاواٹ، رات میں طلب 16 ہزار میگاواٹ ہے۔ دن میں سولر کی وجہ سے سسٹم پر لوڈ کم پڑ رہا ہے تاہم پیک اوور میں شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گیا، طلب اور رسد میں فرق پورا کرنے کیلئے 3 سے 4 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں ہفتے قطر سے مزید ایل این جی کارگوز آنے کا امکان ہے، ایل این جی سپلائی بڑھنے سے طلب اور رسد کا فرق ختم ہو جائے گا۔ طلب بڑھنے سے مقامی گیس کی پاور پلانٹس کو فراہمی میں مشکلات ہیں، ایل این جی سے چلنے والے 6 ہزار میگاواٹ والے پاور پلانٹس نہیں چل رہے۔ پانی اخراج میں کمی کی تا پن بجلی شیئر 7 ہزار سے 4 ہزار میگاواٹ تک آ گیا۔

شال بقیہ 13

عہدیدار نے بتایا کہ ایران کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے کے بعد امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ اپنے اہل خانہ سمیت فوجی اڈے پر منتقل ہو گئے ہیں۔ سینئر عہدیدار کا کہنا ہے کہ دھمکیاں خطرناک حد تک بڑھ چکی تھیں، جس کے باعث بیسنٹ اور ان کے خاندان کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ امریکی ٹی وی کا کہنا ہے کہ محکمہ خزانہ نے سکاٹ بیسنٹ کی منتقلی کی تصدیق کی ہے۔ فاکس نیوز کے مطابق امریکی انتظامیہ کے دیگر اعلیٰ عہدیدار بھی سیکیورٹی خدشات پر محفوظ رہائش گاہوں میں منتقل ہو رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سکاٹ بیسنٹ ایران پر تجارتی پابندیوں کے ذریعے اس کی مالیاتی سرگرمیاں محدود کرنے کی کوششیں جاری رکھیں گے اور ایرانی حکومت کی دھمکیوں سے رکنے والے نہیں۔

شال بقیہ 14

کے مطابق منصوبے کا ٹھیکہ انجینئر امیر مقام سے منسوب کیا جا رہا ہے، جو مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر، رکن قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ تعمیراتی کام مبینہ طور پر سب کنٹریکٹرز کے حوالے کیا گیا، تاہم کم نرخوں پر کام لینے والے سب کنٹریکٹرز بھی کام جاری نہ رکھ سکے اور منصوبہ مزید تاخیر کا شکار ہو گیا۔ عوامی حلقوں کا سوال ہے کہ آخر ژوب بائی پاس جیسے اہم عوامی منصوبے پر کام کیوں بند ہے؟ کیا متعلقہ محکموں نے ٹھیکیدار سے جواب طلب کیا ہے؟ اور عوام کو اس منصوبے کی تکمیل کے لیے مزید کتنا انتظار کرنا پڑے گا؟ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزیر مواصلات، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ منصوبے کے ٹینڈر، ٹھیکے، سب کنٹریکٹنگ اور کام کی بندش کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کر کے منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ ژوب کے عوام اب وعدے نہیں بلکہ بائی پاس روڈ کی عملی تعمیر اور تکمیل چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 15

کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس میں ضلع کیچ، ضلع تمپ اور ضلع منگچر کے قبائلی عمائدین، معتبرین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان میجر جنرل ظفر اقبال اور آئی جی پولیس بلوچستان سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین نے کہا کہ پاک فوج امن، استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے غیر متزلزل عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ ہم امید اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، جبکہ جن علاقوں میں سیکیورٹی کے مسائل درپیش ہیں وہاں بھی ترقیاتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمارے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور پاک فوج بھی ہر مشکل وقت میں عوام کے ساتھ رہی ہے۔ عوام اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور یکجہتی صوبے میں امن و استحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ہم عوام کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ ان کے ساتھ رہیں گے۔ عوامی کھلی کچہری کے دوران ضلع کیچ، تمپ اور منگچر کے قائدین اور شرکاء نے کور کمانڈر بلوچستان سے مختلف نوعیت کے سوالات کیے اور اپنے علاقوں کو درپیش مسائل، ترقیاتی ضروریات، امن و امان، روزگار اور بارڈر تجارت سمیت دیگر اہم امور کی جانب توجہ مبذول کرائی۔ شرکاء کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کور کمانڈر نے کہا کہ بلوچستان میں عوامی نمائندوں کو عوامی مسائل کا مکمل ادراک ہونا چاہیے اور انہیں عوامی مشکلات کے حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے مسائل سے آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ کور کمانڈر بلوچستان نے بارڈر تجارت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ سرحدی تجارت کے راستے کھلیں اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے، کیونکہ بارڈر تجارت سے مقامی لوگوں کو روزگار ملے گا، کاروبار میں اضافہ ہوگا اور علاقے کی معاشی صورتحال بہتر ہوگی۔ ہماری کوشش ہے کہ عوام کی معیشت مستحکم ہو اور انہیں باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بندوق کا کلچر ختم ہونا چاہیے اور اس کی جگہ امن، تعلیم، روزگار، کاروبار اور ترقی کی سوچ کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ بلوچستان کا روشن مستقبل اسی میں ہے کہ یہاں کے نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کیے جائیں، عوام کو معاشی طور پر مستحکم بنایا جائے اور علاقے میں پائیدار امن قائم ہو۔ کور کمانڈر نے کہا کہ بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور خطے کے روشن مستقبل کے لیے پاک فوج کے اقدامات اہمیت کے حامل ہیں۔ سیکیورٹی فورسز اور عوام کے باہمی تعاون سے صوبے کو خوشحالی اور پائیدار امن کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ عوامی کھلی کچہری کو بلوچستان کے مختلف علاقوں کے عوام اور سیکیورٹی قیادت کے درمیان براہ راست رابطے، عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے تجاویز کے تبادلے کا اہم موقع قرار دیا گیا۔

شال بقیہ 16

سیم ہارتھ ویسٹ ون کنویں سے یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس اور 175 بیرل تیل حاصل ہوا ہے، دریافت کے دوران کنویں سے 3 ہزار 20 پی ایس آئی پریشر پر گیس کا بہاؤ ریکارڈ کیا گیا۔ کمپنی کے مطابق بزہیم ہارتھ ویسٹ ون کنویں کی کھدائی 21 اگست 2026 کو شروع کی گئی تھی اور اسے 3 ہزار 732 میٹر گہرائی تک کھودا گیا، تیل اور گیس کی دریافت لوئر گورو فارمیشن کی بیسل سینڈز میں ڈرل اسٹیم ٹیسٹ کے دوران ہوئی۔ بزہیم ایکسپلوریشن لائسنس میں او جی ڈی سی ایل کا 95 فیصد حصہ ہے جبکہ گورنمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ کے پاس منصوبے کا 5 فیصد حصہ ہے۔ او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ نئے کنویں کو قومی گیس نظام سے منسلک کرنے کیلئے اقدامات تیز کر دیئے گئے ہیں اور گیس کی جلد فراہمی کیلئے اسے فاسٹ ٹریک بنیادوں پر منسلک کیا جائے گا۔ یہ بھی پڑھیں: بانی پی ٹی آئی کا پمز ہسپتال میں تفصیلی طبی معائنہ، واپس اڈیالہ جیل منتقل کمپنی کے مطابق مقامی وسائل سے گیس کی پیداوار میں اضافے سے ملک کی توانائی ضروریات پوری کرنے، گیس کی طلب اور رسد کے فرق کو کم کرنے اور او جی ڈی سی ایل کے ہائیڈروکاربن ذخائر میں اضافے میں مدد ملے گی۔

شال بقیہ 17

کانفرنس) کوپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے بدھ کو یہاں کانفرنس ہال پہنچ گئے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق کوپ 31 کانفرنس ہال پہنچنے پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوپ 31 کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی، ان سے مصافحہ کیا اور خیرسگالی کے جملوں کا تبادلہ کیا۔

شال بقیہ 18

کانفرنس کے دوران امریکا اور اسرائیل کی کارروائیوں کے نتیجے میں ماحول کو پہنچنے والے نقصان کا معاملہ اٹھائیں گے۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق مسعود پزشکیان بدھ کو ترکیہ کے شہر انطالیہ پہنچے، جہاں وہ اقوام متحدہ کی 31ویں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق کانفرنس کے موقع پر پزشکیان شریک ممالک کے رہنماؤں اور اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں اور تبادلہ خیال بھی کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں علاقائی صورت حال اور باہمی تعلقات سمیت مختلف امور زیر بحث آنے کی توقع ہے۔ تہران سے روانگی سے قبل ایرانی صدر نے کہا تھا کہ کانفرنس کے دوران امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ماحول کو تباہ کرنے والی کارروائیوں پر گفتگو کی جائے گی۔ پزشکیان کے مطابق ایران اس عالمی فورم کو ماحولیاتی نقصانات اور خطے کو درپیش مسائل کی جانب عالمی برادری کی توجہ مبذول کرانے کے لیے استعمال کرے گا۔

شال بقیہ 19

وسیع تر مشاورت اور مشترکہ قومی ایجنڈے کی طرف لے جانا ہوگا۔ ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کے بس کی بات نہیں، اس کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو مل بیٹھ کر قابل عمل لائحہ عمل تشکیل دینا ہوگا۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنماؤں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری، سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل اور محمود مولوی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے سیاسی استحکام، مضبوط جمہوری ادارے، مؤثر انتظامی ڈھانچہ اور مستحکم معیشت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ملک میں جاری سیاسی کشیدگی اور عدم اعتماد کی فضا نے قومی معاملات کو متاثر کیا ہے، اس صورتحال سے نکلنے کے لیے قومی مکالمے کا راستہ اختیار کرنا ہوگا تاکہ سیاسی اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جاسکے اور ریاستی و قومی ترجیحات پر اتفاق رائے پیدا ہو۔ انہوں نے نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے کہا کہ پاکستان کے انتظامی ڈھانچے پر سنجیدگی سے نظرثانی کی ضرورت ہے۔ آبادی میں اضافے، شہری پھیلاؤ اور انتظامی ضروریات کے پیش نظر نئے صوبوں کے قیام پر قومی سطح پر بحث ہونی چاہیے۔ بڑے صوبوں میں انتظامی امور، عوامی مسائل اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے حوالے سے درپیش مشکلات کو دور کرنے کے لیے ایسا نظام تشکیل دیا جائے جس سے عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات میسر آسکیں۔ نئے صوبوں کے قیام کا معاملہ کسی سیاسی مفاد یا وقتی نعرے کے بجائے انتظامی ضرورت، عوامی خواہشات، آئینی تقاضوں اور قومی اتفاق رائے کی بنیاد پر آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ قومی حکومت کے قیام کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ ملک کو درپیش سیاسی اور معاشی مشکلات سے نکالنے کے لیے ایسی حکومت تشکیل دینے کی ضرورت ہے، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں اور قومی دھارے کی دیگر قوتوں کو نمائندگی حاصل ہو۔ قومی حکومت کا بنیادی مقصد انتخابی و سیاسی اختلافات کو کم کرنا، جمہوری نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنا، اداروں کے درمیان آئینی ہم آہنگی پیدا کرنا اور ملک کو معاشی استحکام کی طرف لے جانا ہونا چاہیے۔ ان کے مطابق قومی اہمیت کے فیصلے اتفاق رائے سے کیے جانے چاہئیں تاکہ پالیسیوں میں تسلسل برقرار رہے اور ملک سیاسی عدم استحکام کے اثرات سے باہر نکل سکے۔ نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں انتظامی اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں۔ نئے صوبوں کے قیام کے مطالبات کو سنجیدگی سے زیر بحث لایا جانا چاہیے۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے حکومتی وسائل کی بہتر تقسیم، انتظامی نگرانی میں بہتری، روزگار کے مواقع اور تعلیم و صحت جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکتی ہے۔ تاہم اس عمل کو آئینی، جمہوری طریقہ کار اور متعلقہ علاقوں کے عوام کی خواہشات کے مطابق آگے بڑھانا ضروری ہے۔ کمیٹی اس سے قبل بھی نئے صوبوں اور قومی وحدت کی حکومت کو انتظامی و سیاسی اصلاحات کے اپنے ایجنڈے کا حصہ قرار دے چکی ہے۔ معاشی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے سیاسی استحکام اور پالیسیوں میں تسلسل بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری، کاروباری سرگرمیوں میں مشکلات، سرمایہ کاری میں کمی اور عام آدمی پر بڑھتے ہوئے معاشی دباؤ؟ جیسے مسائل پر توجہ دینا ہوگی۔ حکومت اور اپوزیشن کو سیاسی اختلافات ایک طرف رکھ کر معاشی بحالی کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے، صنعتوں کو سہولیات دینے، کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے، زرعی شعبے کو مضبوط بنانے اور برآمدات میں اضافے کے لیے طویل المدتی معاشی پالیسی مرتب کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ معاشی ترقی محض اعداد و شمار یا حکومتی دعوؤں سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنا ہوگا۔ ٹیکس نظام میں بہتری، سرکاری اخراجات میں نظم و ضبط، وسائل کے شفاف استعمال، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا قومی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ سیاسی عدم استحکام کے باعث معاشی پالیسیوں میں بار بار تبدیلی سرمایہ کاری اور کاروباری اعتماد کو متاثر کرتی ہے، اس لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک متفقہ معاشی روڈ میپ تیار کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے جمہوری استحکام کے حوالے سے کہا کہ جمہوریت کا تسلسل، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی موثر فعالیت، آزادانہ سیاسی سرگرمیاں اور تمام سیاسی جماعتوں کو یکساں مواقع کی فراہمی ایک مستحکم ریاست کے بنیادی تقاضے ہیں۔ سیاسی اختلافات کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے مذاکرات اور مکالمے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ قومی ڈائیلاگ کا مقصد بھی یہی ہے کہ سیاسی قیادت، ریاستی اداروں اور دیگر اہم قومی فریقین کے درمیان اعتماد کی فضا قائم ہو اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ راستہ نکالا جاسکے۔ پریس کانفرنس کے دوران رہنماؤں نے قومی امور، ملکی سیاسی صورتحال، نئے صوبوں کے قیام، قومی حکومت کی تشکیل، معاشی بحالی اور جمہوری نظام کو درپیش چیلنجز سے متعلق اپنے موقف اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں کے مختلف سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ قومی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ مکالمہ، سیاسی برداشت اور وسیع تر قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی ملک میں سیاسی مفاہمت اور قومی مسائل پر بامقصد بحث کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

شال بقیہ 20

نے وکلاء کے ساتھ پولیس کے ناروا رویے اور بغیر سرچ وارنٹ کے گھروں پر چھاپوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے غلط اقدامات قبول نہیں اسی لئے عدالتوں کا بائیکاٹ کیا ہے۔ اور یہ سلسلہ بند نہ ہوا تو وکلاء آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری پولیس اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو دیگر وکلاء کے ہمراہ کوئٹہ کچہری میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کے ساتھ پولیس کے غیر مناسب رویہ کے خلاف عدالتی بائیکاٹ کیا ہے عدالتوں میں وکلاء کے داخلے پر پابندی لگائی ہے ہم قانون کے رکھوالے ہیں آئین اور قانون کی پامالی کی گئی ہے پولیس وکلاء کے گھروں پر بلاجواز چھاپے مار کر چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کر رہی ہے اور نگ زیب کاکڑ ایڈووکیٹ کے گھر پر چھاپہ اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کے ساتھ ساتھ سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ کے گھر میں توڑ پھوڑ کی گئی اور وسیم جدون ایڈووکیٹ کے بیٹے کو پولیس نے زدوکوب کرنے کے ساتھ ساتھ ایڈووکیٹ ریاض احمد کے گھر میں بھی توڑ پھوڑ کی ہے۔ پولیس اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے وکلاء کے ساتھ غیر مناسب سلوک کیا جا رہا ہے وکلاء اور پولیس کا تعلق لازم و ملزوم ہے اگر کالے کوٹ اور ٹائی کی عزت نہیں ہوگی تو کسی کی عزت نہیں رہے گی آئی جی پولیس بلوچستان کے حالات کو دیکھ کر وکلاء کو تحفظ فراہم کر کے غیر قانونی اقدامات سے گریز کریں۔ ڈی ایس پی پشین کو معطل کر کے حکومت پولیس کے رویہ کا نوٹس لے تاکہ معاملات مزید خراب نہ ہوں۔ پولیس تواتر کے ساتھ وکلاء کو تنگ کر رہی ہے، ہم قبائلی معاشرے میں رہتے ہیں روایات کی پامالی منظور نہیں اپنے گھروں میں داخل ہونا قبول اور برداشت نہیں کریں گے پولیس کے رویہ اور وکلاء کے ساتھ انتقامی کارروائیوں کے خلاف صوبے کی تمام عدالتوں میں بھی ہڑتال رہی اس حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے وکلاء کے تحفظ اور ناروا اقدامات کے خلاف فیصلہ کریں گے ہمارے مطالبات منظور نہ ہوئے تو عدالتیں ضرور بند کریں گے۔ سیکورٹی فورسز میں ایماندار لوگ بھی ہیں مگر کالی بھیڑوں کو برداشت نہیں کریں گے۔ پولیس نے گھروں پر چھاپوں اور انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند نہ کیا تو آئندہ لائحہ عمل طے کر کے احتجاج پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری پولیس اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

شال بقیہ 21

حج پروگرام کی خدمات 133 ممالک تک توسیع دینے کا بھی اعلان کیا گیا اس اقدام کا مقصد دنیا بھر سے آنے والے عازمین حج کے لیے سفری اور دیگر سہولتوں کو مزید آسان اور بہتر بنانا ہے۔

شال بقیہ 22

میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ بعد ازاں تمام زخمیوں کو مزید طبی امداد کیلئے مفتی محمود اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ تینوں جاں بحق افراد کی میتیں بھی ضروری کارروائی کے لئے اسپتال منتقل کر دی گئیں۔ متاثرہ افراد میں 2 خواتین اور ایک بچہ بھی شامل ہیں۔ زخمیوں کی شناخت نیک خان، سدیس، وحید گل، میر خان، ارسلہ خان، غلام یاسین، فتح محمد، یوسف، ناظم شاہ، مشرف، حیات شاہ، سراج اور گلفام کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے متاثرین کو طبی امداد فراہم کی اور اسپتال منتقل کیا۔

شال بقیہ 23

پارٹی کے رکن تھامس میسی نے پیش کی تھی، میسی نے ایران کیخلاف غیر قانونی جنگ کو مواخذے کی بنیاد بنایا تھا اور کہا تھا کہ پیٹ ہیگسیتھ نے کانگریس کو نظر انداز کیا اور جنگ کیلئے اختیارات کا غیر قانونی استعمال کیا۔ ہیگسیتھ پر ایران میں میناب اسکول پر امریکی حملے میں بچوں اور دیگر معصوم شہریوں کی شہادت کے الزامات عائد کیے گئے، کہا گیا کہ ہیگسیتھ نے امریکی آئین کی خلاف ورزی اور اپنے عہدے کا غلط استعمال کیا۔ وزیر جنگ کے خلاف مواخذے کی قرارداد مسترد ہونے پر صدر ٹرمپ کا بیان میں کہنا تھا کہ وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کا مواخذہ کرنے کی کوشش بری طرح ناکام ہوگئی، سوائے ناکام تھامس میسی کے ہر ریپبلکن نے پیٹ ہیگسیتھ کی حمایت میں ووٹ دیا، وینزویلا اور ایران میں کامیابیاں ملیں، ریکارڈ تعداد میں فوجیوں کی بھرتیاں ہوئیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا پیٹ ہیگسیتھ کو ایوان نے بری کیا، ڈیموکریٹس امریکا کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں، انہیں روکا جانا چاہیے۔ مواخذے کی قرارداد سے قبل پیٹ ہیگسیتھ نے کہا تھا کہ مواخذے کی قرارداد ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی، یہ کوشش تماشا ہے اور امریکا کے تمام فوجیوں کے خلاف سازش ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ امریکا کی تاریخ میں فوجی آپریشن کے دوران کسی وزیر جنگ کو معزول نہیں کیا گیا، فوجی کارروائی قانونی حیثیت رکھتی ہے۔

شال بقیہ 24

مبینہ طور پر میت اپنے قبضے میں لے کر ساتھ لے گئے۔ پولیس ذرائع نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ اس حوالے سے کسی نے باقاعدہ رپورٹ درج نہیں کرائی، تاہم پولیس کو بھی ایسی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ واضح رہے کہ آج تو شکی بازار کی گوشت مارکیٹ میں دو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان جہانزیب بڑیچ کو قتل کر دیا تھا۔ واقعے کے موقع پر موجود افراد نے دونوں حملہ آوروں کو قابو کر کے چھریوں کے وار سے زخمی کیا، بعد ازاں انہیں دوسری گلی میں لے جا کر فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ قتل ہونے والے دونوں افراد کی شناخت الطاف ولد محمد عظیم اور زبیر ولد عابد حسین کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے میں تینوں افراد کے قتل کی وجوہات کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود سامنے نہیں آسکیں، جبکہ مقتول کی میت مبینہ طور پر قبرستان سے لے جانے اور جنازے میں شریک افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات نے معاملے کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ پولیس کی جانب سے تاحال ان اطلاعات کی باضابطہ تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

شال بقیہ 25

ملاقات کی ملاقات میں آرگنائزنگ کمیٹی ممبر و جنرل کونسلر حاجی محمد یعقوب ساسولی ضلعی ترجمان نگری عمرگ ملازئی، حاجی محمد سلیم ساسولی و دیگر رہنما شامل تھے ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال اور پارٹی میں تنظیم سازی کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی وڈیرہ اسد بلوچ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بزور طاقت مسئلے کا حل نہیں کیا جاسکتا بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے گفت و شنید کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی ساحل وسائل پر اختیار حاصل کرنے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی عوام کا حقیقی سیاسی ترجمان کی حیثیت رکھتی ہے اور بلوچستان کا حقیقی قوم پرست جماعت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے وڈیرہ اسد بلوچ نے کہا کہ پارٹی کے کارکنان پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پارٹی کے کارکنوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں گے پارٹی کارکنوں کو چاہیے کہ وہ پارٹی پیغام کو عام کرنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروکار لائیں اور پارٹی کو مزید منظم و فعال کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر اسد اللہ بلوچ سے بی این پی عوامی کے مرکزی سی سی ممبر میر حبیب خان ملازئی کی قیادت میں خاران کی پارٹی رہنماں کا ایک وفد نے ملاقات کی ملاقات میں آرگنائزنگ کمیٹی ممبر و جنرل کونسلر حاجی محمد یعقوب ساسولی ضلعی ترجمان نگری عمرگ ملازئی، حاجی محمد سلیم ساسولی و دیگر رہنما شامل تھے ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال اور پارٹی میں تنظیم سازی کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی وڈیرہ اسد بلوچ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بزور طاقت مسئلے کا حل نہیں کیا جاسکتا بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے گفت و شنید کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی ساحل وسائل پر اختیار حاصل کرنے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی عوام کا حقیقی سیاسی ترجمان کی حیثیت رکھتی ہے اور بلوچستان کا حقیقی قوم پرست جماعت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے وڈیرہ اسد بلوچ نے کہا کہ پارٹی کے کارکنان پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پارٹی کے کارکنوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں گے پارٹی کارکنوں کو چاہیے کہ وہ پارٹی پیغام کو عام کرنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروکار لائیں اور پارٹی کو مزید منظم و فعال کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

شال بقیہ 26

انکا سابق وفاقی وزیر انسانی حقوق ڈاکٹر شیریں مزاری نے اپنی بیٹی ایمان مزاری اور داماد ہادی علی کیس کے حوالے سے عدالتی نظام اور ریاستی رویے پر سخت غم و غصے کا اظہار کیا اور گفتگو کے دوران وہ آبدیدہ ہوگئیں۔ اسلام آباد میں سپریم کورٹ کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر شیریں مزاری نے آبدیدہ لہجے میں کہا کہ میری بیٹی اور داماد وزیراعظم کی بیٹی اور داماد تو نہیں ہیں کہ کرپشن اور سنگین مقدمات کے باوجود انہیں فوری رہائی یا ریلیف مل جائے۔

شال بقیہ 27

اللہ کو 10 نومبر کو دوپہر 12 بجے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی تھی تاہم وہ گزشتہ دو نوٹسز کے باوجود انکوائری میں پیش نہیں ہوئے۔ ایف آئی اے نے خبردار کیا ہے کہ معقول جواز کے بغیر تیسرے نوٹس کی عدم تعمیل پر دستیاب شواہد اور متعلقہ قوانین کے تحت مزید قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

شال بقیہ 28

بچا کر شہید ہو گئے۔ طبی حکام کے مطابق غزہ شہر کے علاقے دَرج میں ایک اسکول کے قریب اسرائیلی فضائی حملے سے ایک اور فلسطینی جاں بحق ہوا، جبکہ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں اسرائیلی فائرنگ سے ایک شخص شہید ہو گیا۔ بعد ازاں غزہ شہر کے علاقے صبرا میں ایک دھاتی کارخانے کو اسرائیلی فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں مزید تین افراد جاں بحق ہوئے۔ اس طرح منگل کو غزہ میں شہادتوں کی تعداد کم از کم سات ہو گئی۔ ادھر مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقے برقہ میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 14 سالہ فلسطینی معتز ایاد دغلس بھی شہید ہو گیا۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق یہ واقعہ پیر کی رات نابلس کے شمال مغرب میں پیش آیا۔ فلسطینی ہلال احمر کے مطابق اس کے طبی عملے نے فائرنگ سے زخمی ہونے والے دو افراد کو اسپتال منتقل کیا، تاہم اسرائیلی فوج نے ایک تیسرے زخمی تک رسائی روک دی اور تین رضاکار طبی کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس کے اہلکاروں نے اسرائیلی گاڑیوں پر پتھر پھینکنے کی کوشش کرنے والے فلسطینیوں کو روکنے کے لئے فائرنگ کی تھی۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے بچوں کے ادارے یونیسیف نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ میں پانی کے ایک بڑے ذخیرے کی مرمت کے لئے درکار سامان کی درآمد مسترد کر دی ہے، جس کے باعث شدید بارشوں میں اس کے بھر جانے اور قریبی آبادیوں میں سیلاب کا خطرہ ہے۔ یونیسیف کے مطابق غزہ شہر کا شیخ رضوان بارش کے پانی کا ذخیرہ گندے پانی سے آلودہ ہو چکا ہے اور بارشوں کے دوران اس کے لبریز ہونے کا خدشہ ہے۔ ادارے کے ترجمان جیمز ایلڈر نے جنیوا میں صحافیوں کو بتایا کہ یونیسیف اسرائیلی حکام اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بورڈ آف پیس کے ساتھ تقریباً ایک سال سے اس منصوبے پر کام کر رہا تھا، جس پر 30 لاکھ ڈالر لاگت آنی تھی، تاہم اسرائیلی فوج کے ادارے کوگیٹ نے گزشتہ چند روز میں اس منصوبے کو مسترد کر دیا۔ یونیسیف کے مطابق ذخیرے سے زہریلا اور آلودہ پانی سڑکوں اور خیموں میں داخل ہو سکتا ہے، جس سے بچوں اور خاندانوں کو دوبارہ اپنے عارضی ٹھکانے چھوڑنے پڑ سکتے ہیں اور بیماریوں کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ شدید بارشوں سے غزہ میں بے گھر فلسطینیوں کے ہزاروں خیمے زیر آب آ گئے ہیں۔ ایک واقعے میں ریت کا بند گرنے سے چار افراد، جن میں تین کم عمر بچے شامل تھے، جاں بحق ہو گئے۔ عالمی ادارہ صحت کے ترجمان کرسچن لنڈ مائر نے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں سیلاب، ناقص صفائی اور صحت و پانی کی ناکافی سہولتوں کے باعث متعدی بیماریوں کا خطرہ بڑھ رہا ہے۔ ان کے مطابق غزہ میں تقریباً 10 لاکھ بے گھر افراد کو درمیانے یا شدید درجے کے سیلابی خطرات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال امریکا کی ثالثی میں ہونے والی جنگ بندی میں غزہ کی تعمیر نو کا وعدہ کیا گیا تھا، تاہم حماس کو غیر مسلح کرنے اور اسرائیلی فوج کے انخلا کی شرائط پر اختلافات کے باعث اس عمل میں خاطر خواہ پیش رفت نہیں ہو سکی۔

شال بقیہ 29

ہے کہ حکومت سیاسی مخالفین کے خلاف اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے، آئین اور قانون کے احترام کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پرامن سیاسی جدوجہد کرنے والے قائدین اور کارکنوں کو گرفتار کر کے دباؤ میں لانے کی کوششیں قابل افسوس ہیں، جمعیت علماء اسلام اپنے قائدین اور کارکنوں کے خلاف کسی بھی غیر آئینی و غیر قانونی اقدام کو قبول نہیں کرے گی اور حکومتی جبر کا آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے مقابلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مفتی اویس عزیز کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور سیاسی کارکنوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔ انہوں نے جمعیت کے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اشتعال انگیزی سے گریز کریں، نظم و ضبط برقرار رکھیں اور مرکزی قیادت کی ہدایات کا انتظار کریں۔ جمعیت علماء اسلام آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے حقوق اور سیاسی آزادیوں کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔

شال بقیہ 30

وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ازبکستان کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

شال بقیہ 31

خود تو حلوہ کھاتے ہیں لیکن دوسروں کو کھانے سے روکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور آصف زرداری کی دوستی ہے، اس کا یہ مطلب کیسے ہوا کہ زرداری صاحب کرپشن کے معاملے میں مولانا کو بچائیں گے؟۔ ان کا کہنا تھا کہ این ایچ اے میں مولانا کے بیٹے پر کرپشن کے الزام کا بھی حساب ہونا چاہیے، پی ڈی ایم دور میں سب سے زیادہ فائدہ جے یو آئی کو ہوا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی ڈی ایم دور میں جے یو آئی کو اس کی پسند کی وزارتیں ملیں، جن میں مذہبی امور، ہاؤسنگ اور مواصلات کی وزارتیں شامل تھیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں کوئی بڑی وزارت باقی نہیں رہی، جو جے یو آئی کو نہ ملی ہو، کرپشن کے الزامات ثابت ہونے پر سزا بھگتنا پڑے گی۔

شال بقیہ 32

فیصلہ 2019 میں منظور کیے گئے باہمی کارروائی کے قانون اور باہمی جواب دینے کے اصول کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ تہران کے اس اقدام کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تمام نتائج کی ذمہ داری ارجنٹینا کی حکومت پر عائد ہوگی۔ ارجنٹینا کی حکومت نے رواں برس اپریل میں پاسداران انقلاب کو دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کیا تھا۔ ارجنٹینا 1994 میں بیونس آئرس میں یہودی کمیونٹی سینٹر امیا پر ہونے والے بم حملے کا ذمہ دار ایران اور لبنان کی تنظیم حزب اللہ کو ٹھہراتا ہے۔ اس حملے میں 85 افراد ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوئے تھے۔ ایران مسلسل اس بم حملے میں ملوث ہونے کی تردید کرتا آیا ہے۔

شال بقیہ 33

استعداد، جاری معاشی اصلاحات اور شفاف، مسابقتی اور سرمایہ کار دوست کاروباری ماحول کے قیام کے عزم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری معاشی ترقی، صنعتی فروغ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مشترکہ خوشحالی کے حصول کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی معاشی استعداد کو عملی سرمایہ کاری کے مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے سٹریٹجک جغرافیائی محل وقوع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور چین کے سنگم پر واقع ہونے کے باعث سرمایہ کاروں کو اہم علاقائی منڈیوں اور بین الاقوامی تجارتی راستوں تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر سمیت ملک کے بحری بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو علاقائی رابطوں، بین الاقوامی تجارت، لاجسٹکس اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم اثاثہ قرار دیا۔

شال بقیہ 34

لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد سے وابستہ تمام اہم منصوبے مقررہ مدت میں معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی منصوبے میں تاخیر قابل قبول نہیں ہوگی اور ذمہ دار افسران کو ہر ممکن اقدام کے ذریعے کام کی رفتار تیز کرنی ہوگی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ یہ منصوبے صرف تعمیراتی سرگرمیاں نہیں بلکہ عوام کی بنیادی ضروریات، سہولیات اور معیار زندگی کے بہتر امکانات کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ان کی تکمیل سے صوبے کی معیشت کو مثبت فروغ ملے گا، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عوامی خدمت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ منصوبوں کی نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، جبکہ ہر منصوبے کی پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں میں معیار، شفافیت اور وقت کی پابندی کو یقینی بنایا جائے اور رکاوٹوں کی صورت میں فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی وسائل کا شفاف اور مؤثر استعمال حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور تمام ادارے اپنی ذمہ داریوں کی بھرپور ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال اور پائیداری کے لیے بھی عملی منصوبہ بندی کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 34 اسٹریٹیجک منصوبوں میں سے 14 مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ منصوبوں پر کام جاری ہے۔

شال بقیہ 35

فیصد سے زائد حصہ متاثر ہوا ہے۔ متاثرہ لڑکے کے اہل خانہ کے مطابق پسند کی شادی کی اجازت نہ ملنے پر دلبرداشتہ ہو کر نوجوان نے خود کو آگ لگائی تاہم پولیس کی جانب سے معاملے کی تحقیقات کی جا رہی ہے۔

شال بقیہ 36

ریونیو افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے اس لیے اس عمل کو مزید مؤثر اور تیز رفتار بنایا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ عشر، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے اور جن علاقوں میں سرکاری واجبات کی وصولی سست روی کا شکار ہے وہاں خصوصی توجہ دی جائے انہوں نے مزید کہا کہ تمام تحصیلدار، نائب تحصیلدار اور پٹواری اپنے اپنے علاقوں میں واجبات کی وصولی کے عمل کو یقینی بنائیں اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں اس سلسلے میں روزانہ کی بنیاد پر وصولیوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ سرکاری واجبات کی وصولی میں غفلت کوتاہی یا فرائض کی انجام دہی میں عدم دلچسپی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ مقررہ اہداف کے حصول میں ناکامی یا غیر ضروری تاخیر کے ذمہ دار افسران اور متعلقہ پٹواریوں کے خلاف محکمانہ ضابطے کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سرکاری محاصل کی وصولی کے نظام کو مزید بہتر اور شفاف بنا کر حکومتی اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے گا

شال بقیہ 37

چانڈی کے احسن اقدامات کرتے ہوئے لسبیلہ ڈویژن پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل کر دیئے، درجنوں اہلکاروں کی سروس وریک بحال، متعدد کو ترقیاں انہیں دے دی گئیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم چانڈی کے احسن اقدامات کرتے ہوئے لسبیلہ ڈویژن پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل کر دیئے درجنوں اہلکاروں کی سروس و ریک بحال، متعدد کو ترقیاں انہیں دے دی گئیں ہیں لسبیلہ رینج کے پہلے ڈی آئی جی پولیس عبدالقیوم چانڈی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی لسبیلہ ڈویژن پولیس افسران اور اہلکاروں کے دیرینہ محکمانہ مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں ان کی خصوصی دلچسپی اور بروقت فیصلوں کے نتیجے میں درجنوں اہلکاروں کی ضبط شدہ سروس اور تنزلی کے بعد رینک بحال کیے گئے ہیں، جبکہ برطرف ملازمین کی دوبارہ بحالی اور متعدد افسران و اہلکاروں کی ترقی کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم چانڈی کی جانب سے ملازمین کے مسائل ذاتی دلچسپی سے سننے اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کو لسبیلہ ڈویژن عوامی حلقوں سمیت محکمہ پولیس حلقوں میں سراہا جا رہا ہے ان فیصلوں سے پولیس فورس میں اطمینان اور اعتماد کی فضا پیدا ہوئی ہے واضح رہے کہ ضلع لسبیلہ، ضلع حب اور ضلع آواران کے پولیس ملازمین کو ماضی میں سروس اور محکمانہ معاملات کے لیے خضدار رینج کے دفاتر جانا پڑتا تھا جس سے وقت اور وسائل ضائع ہوتے تھے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا تاہم لسبیلہ رینج کے قیام کے بعد اب یہ مسائل لسبیلہ ڈویژن ہیڈکوارٹر تحصیل اوتھل میں ہی حل ہونے لگے ہیں جس سے ضلع حب، ضلع لسبیلہ اور ضلع آواران تینوں اضلاع کے پولیس ملازمین کو بڑی سہولت میسر آئی ہے ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم چانڈی کے ان اقدامات کو ملازمین کے جائز حقوق کی فراہمی، محکمانہ بہتری اور لسبیلہ ڈویژن رینج کے قیام کے مقاصد کو عملی شکل دینے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 38

ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کرار ابن اسٹاپ کے ڈاکٹر خرم اور ضلع بھر کے تمام ڈسٹرکٹ ز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کی مجموعی کارکردگی مقررہ اہداف کے حصول اور بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری ویکسینیشن سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی اور انہیں حفاظتی ٹیکہ جات کی فراہمی، نومبر 2026 کی SNID مہم میں شامل بچوں کی ویکسینیشن کی پیش رفت اور مہم کے دوران دستیاب نہ ہونے والے بچوں کی دوبارہ تلاش کر کے انہیں ویکسین لگانے کے امور پر خصوصی غور کیا گیا اجلاس میں ایم آر ویکسین اور پینٹا تھری ویکسین کی کوریج کو کم از کم 80 فیصد تک یقینی بنانے پر خصوصی زور دیا گیا۔

Daily SHAL Quetta
4
12 نومبر 2026ء
روزنامہ شال کوئٹہ

پولیس وکلاء کے گھر پر بلا جواز چھاپے کا ریفرنس چیف جسٹس کے تقدر کو پامال کر رہی ہے، ایڈووکیٹ عطاء الانگو

یہ سلسلہ بند نہ ہوا تو وکلاء آئندہ کالائحہ عمل طے کر کے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری پولیس اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی

اورنگ زیب کاکڑ ایڈووکیٹ کے گھر پر چھاپہ اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کے ساتھ ساتھ سینئر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ کے گھر میں توڑ پھوڑ کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ بار کے صدر میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر اورنگزیب کاکڑ ایڈووکیٹ اور ایڈووکیٹ سلیم لاشاری ایڈووکیٹ، وسیم جدون قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



☆☆☆ جامعہ گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر جامعہ کی آٹھویں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆

سعودی عرب میں صارفین کے تحفظ کے نئے قانون کی منظوری

سعودی کابینہ کا حج ڈائریکٹ پروگرام 133 ممالک تک بڑھانے کا بھی فیصلہ

ریاض (آن لائن) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت سعودی کابینہ کا اہم اجلاس ہوا، جس میں صارفین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق نئے قانون کی منظوری دے دی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق نئے قانون کے تحت صارفین کے حقوق سے متعلق تمام ضوابط کو یکجا کر دیا گیا ہے، بچوں، بزرگوں اور معذور افراد کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف وارننگ سے لے کر بھاری جرمانوں تک مرحلہ وار کارروائی کی جاسکے گی۔ اجلاس میں ڈائریکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ایف بی آر نے نئے ٹیکس دہندہ کیلئے 25 ہزار روپے کا سرچارج ختم کر دیا

سرچارج سے چھوٹ حاصل کرنے کے لیے ٹیکس دہندگان کو آئندہ چھ ماہ تک جائیداد نہ خریدنے کی شرط پوری کرنا ہوگی

اسلام آباد (یو این اے) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نئے ٹیکس دہندگان کے لیے 25 ہزار روپے کا سرچارج ختم کرتے ہوئے انہیں اضافی فیس کے بغیر ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں شامل ہونے کی اجازت دے دی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق سرچارج سے چھوٹ حاصل کرنے کے لیے ٹیکس دہندگان کو آئندہ چھ ماہ تک جائیداد نہ خریدنے کی شرط پوری کرنا ہوگی۔ ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں شمولیت کے خواہشمند افراد کو ایف بی آر کے پاس انڈر ریٹائرنگ جمع کرانا ہوگی، جس کے لیے ادارے نے نیا فارم اے ٹی ایل یو متعارف کرا دیا ہے۔ ٹیکس دہندگان آئی آر آئی ایس (IRIS) سسٹم کے ذریعے الیکٹرانک انڈر ریٹائرنگ جمع کرا سکیں گے۔

10 اضلاع میں تیز ہواؤں، گرج چمک اور ژالہ باری کے ساتھ بارش کی پیش گوئی

زیارت صوبے کا سرد ترین علاقہ، راجا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 4 ڈگری ریکارڈ، محکمہ موسمیات کی رپورٹ

کوئٹہ (یو این اے) موسمیات کوئٹہ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم عمومی طور پر خشک رہے گا، تاہم رات کے اوقات میں کوئٹہ، زیارت، ژوب، بارکھان، موسیٰ خیل، چمن، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، قلات اور خضدار میں چند مقامات پر تیز ہوا اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ ترجمان محکمہ موسمیات نے بتایا کہ بارش کے دوران بعض علاقوں میں شدید گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ژالہ باری کا بھی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق زیارت صوبے کا سرد ترین علاقہ رہا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

اوچھے ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہونگے، مولانا عبدالواسع

مفتی اویس عزیز کی گرفتاری قابل مذمت، جمعیت آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے حقوق اور سیاسی آزادیوں کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی

جمعیت کے کارکنان اشتعال انگیزی سے گریز کریں، نظم وضبط برقرار رکھیں اور مرکزی قیادت کی ہدایات کا انتظار کریں، صوبائی امیر جمعیت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے امیر جے یو آئی اسلام آباد مفتی اویس عزیز اور قاری افتخار کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



☆☆☆☆☆ کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کو نئی ایمبولینس کی چابیاں دے رہے ہیں ☆☆☆☆☆

مولانا فضل الرحمان کے قریبی ساتھی امان اللہ کو ایف آئی اے کا تیسرا نوٹس جاری

حوالہ ہنڈی اور سولہ بینک اکاؤنٹس کے ذریعے مشکوک مالی لین دین کی انکوائری جاری

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے قریبی ساتھی امان اللہ کو ایف آئی اے نے تیسرا نوٹس جاری کر دیا۔ ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل اسلام آباد نے انہیں انکوائری میں پیش ہو کر سوالات کے جوابات دینے اور متعلقہ دستاویزی و ڈیجیٹل شواہد فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل اسلام آباد میں امان اللہ کے خلاف حوالہ ہنڈی اور سولہ بینک اکاؤنٹس کے ذریعے مشکوک مالی لین دین کی انکوائری جاری ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق امان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

غزہ میں اسرائیلی حملوں اور فائرنگ سے باپ بیٹے سمیت 7 فلسطینی شہید

غزہ میں سیلاب، ناقص صفائی اور صحت و پانی کی ناکافی سہولتوں کے باعث متعدی بیماریوں کا خطرہ ہے، یونیسیف کا انتباہ

غزہ (آن لائن) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی فوج کی فضائی کارروائیوں اور فائرنگ کے نتیجے میں کم از کم 7 فلسطینی شہید ہو گئے، جن میں ایک باپ اور اس کا 13 سالہ بیٹا بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے ادارے یونیسیف نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کے دوران غزہ میں تباہ حال نکاسی آب کا نظام مزید خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے، جس سے لاکھوں بے گھر افراد کو سیلاب اور بیماریوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق مقامی طبی حکام نے بتایا کہ غزہ شہر کے علاقے زرتون میں بے گھر افراد کے ایک عارضی پناہ گاہ کی چھت پر اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں فادی رجب اور ان کا 13 سالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

جناح روڈ اور کیپر بلڈنگ پر غیر قانونی پارکنگ کے خلاف ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن

50 سے زائد موٹر سائیکلیں تحویل میں لے لی گئیں، سڑک کنارے گاڑیاں پارک کرنے سے گریز کریں، ٹریفک حکام

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں ٹریفک پولیس نے شہر کے گنجان اور تجارتی مرکز جناح روڈ اور کیپر بلڈنگ کے اطراف میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 50 سے زائد موٹر سائیکلوں کو پکٹر کر تحویل میں لے لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے ٹریفک حکام کی جانب سے غیر قانونی پارکنگ اور سڑک کنارے کھڑی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جارہی ہے۔ کارروائی کے دوران قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر سڑک کنارے پارک کی گئی۔

امریکا اور اسرائیل کو ان کے گھناؤنے جرائم کا نتیجہ انتخابات میں مل گیا، مسعود پزشکیان

یورپی انتخابات میں بھی ثابت ہو گیا کہ عوام جنگ پسندانہ نظریات کیخلاف ہیں، ایرانی صدر

تہران (آن لائن) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کو ان کے گھناؤنے جرائم کا نتیجہ انتخابات میں مل گیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوپ 31 اجلاس جارحیت کے تخریبی اثرات بیان کرنے کا بہترین موقع ہے، اجلاس میں ایران، علاقائی ماحولیات کیخلاف امریکی، اسرائیلی جارحیت پر گفتگو ہوگی۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ یورپی انتخابات میں بھی ثابت ہو گیا کہ عوام جنگ پسندانہ نظریات کیخلاف ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوپ 31 اجلاس جارحیت کے تخریبی اثرات بیان کرنے کا بہترین موقع ہے، اجلاس میں ایران، علاقائی ماحولیات کیخلاف امریکی، اسرائیلی جارحیت پر گفتگو ہوگی۔



گورنر بلوچستان کے چیمبر میں نظام تاروقی تھپی، دانی محمد، دارو خان اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈی آئی خان: تبلیغی جماعت کے کوچ کو حادثہ، 3 افراد جاں بحق 13 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (آن لائن) ڈیرہ اسماعیل خان میں تبلیغی جماعت کے افراد کو لے جانے والی کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ خواتین اور بچوں سمیت 13 مسافر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

امریکی ایوان نمائندگان میں وزیر جنگ کیخلاف مواخذے کی قرارداد مسترد

واشنگٹن (آن لائن) امریکی ایوان نمائندگان میں وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کیخلاف مواخذے کی قرارداد مسترد کر دی گئی۔ ایوان میں پیٹ ہیگسیتھ کیخلاف مواخذے کی کوشش 204 کے مقابلے 211 ووٹوں سے ناکام بنا دی گئی۔ امریکی وزیر جنگ کے خلاف قرارداد ٹرمپ کی اپنی ہی ری پبلکن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سنٹوشکی میں قبرستان سے مقتول نوجوان کی میت مسلح افراد لے گئے

نوشکی (یو این اے) نوشکی میں فائرنگ سے قتل ہونے والے نوجوان جہانزیب بزنجو کی میت مبینہ طور پر کلی غریب آباد قبرستان سے مسلح افراد اپنے ساتھ لے گئے، جبکہ جنازے میں شریک کم از کم تین افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے مطابق نوشکی بازار میں فائرنگ سے قتل ہونے والے نوجوان کی تدفین کے موقع پر مسلح افراد قبرستان پہنچے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

امریکی ایوان نمائندگان میں وزیر جنگ کیخلاف مواخذے کی قرارداد مسترد

واشنگٹن (آن لائن) امریکی ایوان نمائندگان میں وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کیخلاف مواخذے کی قرارداد مسترد کر دی گئی۔ ایوان میں پیٹ ہیگسیتھ کیخلاف مواخذے کی کوشش 204 کے مقابلے 211 ووٹوں سے ناکام بنا دی گئی۔ امریکی وزیر جنگ کے خلاف قرارداد ٹرمپ کی اپنی ہی ری پبلکن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سنٹوشکی میں قبرستان سے مقتول نوجوان کی میت مسلح افراد لے گئے

نوشکی (یو این اے) نوشکی میں فائرنگ سے قتل ہونے والے نوجوان جہانزیب بزنجو کی میت مبینہ طور پر کلی غریب آباد قبرستان سے مسلح افراد اپنے ساتھ لے گئے، جبکہ جنازے میں شریک کم از کم تین افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے مطابق نوشکی بازار میں فائرنگ سے قتل ہونے والے نوجوان کی تدفین کے موقع پر مسلح افراد قبرستان پہنچے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

مولانا فضل الرحمان خود قبضے کی جگہ پر بیٹھے ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان دوسروں کو انصاف کی تلقین کرتے ہیں اور خود قبضے کی جگہ پر بیٹھے ہیں۔ گورنر ہاؤس پشاور میں صحافیوں سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ایران نے ارجنٹینا کی بحریہ اور فضائیہ کو دہشت گرد تنظیم نامزد کر دیا

تہران (آن لائن) ارجنٹینا کی جانب سے ایران کی پاسداران انقلاب کو دہشت گرد تنظیم قرار دیے جانے کے فیصلے کے جواب میں ایرانی وزارت خارجہ نے ارجنٹینا کی بحریہ اور فضائیہ کو دہشت گرد تنظیمیں نامزد کر دیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کوٹ ادو، پسند کی شادی نہ ہونے پر نوجوان نے خود کو آگ لگا لی

کوٹ ادو (آن لائن) کوٹ ادو میں پسند کی شادی نہ ہونے پر ایک لڑکے نے خود پر ڈیزل چھڑک کر آگ لگا لی۔ ریسکیو کے مطابق کوٹ ادو کے علاقے قوتانہ موڑ میں ایک لڑکے نے خود پر ڈیزل چھڑک کر آگ لگا لی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جھلسنے والے نوجوان کو تشویشناک حالت میں نشتر اسپتال ملتان کے برن یونٹ منتقل کر دیا گیا ہے، آگ سے جھلسنے کے باعث لڑکے کے جسم کا 60 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسحاق ڈار کا ازبک ہم منصب سے رابطہ، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

شنگھائی تعاون تنظیم اور اقتصادی تعاون تنظیم کے فورمز پر اشتراک عمل کے امور پر بھی بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سعیدوف سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اور اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے فورمز پر اشتراک عمل کے امور پر بھی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ علاقائی ترجیحات کے حصول کے لیے قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

عالمی سرمایہ کار پاکستان میں ابھرتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، قیصر احمد

پاکستان اپنی معاشی استعداد کو عملی سرمایہ کاری کے مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے

جنیوا (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں ورلڈ ایسوسی ایشن آف انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسیز کے زیر اہتمام 30 ویں ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس (2026WIC) کے اعلیٰ سطحی وزارتی اجلاس بعنوان ''عالمی سرمایہ کاری کا آئندہ عشرہ'' میں شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف ممالک کے وزراء، سرمایہ کاری کے فروغ کے اداروں کے سربراہان اور بین الاقوامی نمائندوں نے شرکت کی جہاں عالمی سرمایہ کاری کے مستقبل سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے پاکستان کی سرمایہ کاری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سعودی عرب کا بلوچستان میں مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کا اظہارِ دلچسپی

دس رکنی سعودی کاروباری وفد کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، دستیاب وسائل اور تیار منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) سعودی عرب نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے صوبے کے ہنرمند نوجوانوں کو سعودی عرب میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے اقدامات تیز کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ سعودی پاکستان جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کی۔ دس رکنی سعودی کاروباری وفد کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، دستیاب وسائل اور تیار منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے گفت و شنید سے حل ممکن ہے، اسپیکر بلوچ

بزور طاقت مسئلے کا حل نہیں کیا جا سکتا بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی عوام کا حقیقی سیاسی ترجمان کی حیثیت رکھتی ہے

بی این پی عوامی ساحل و وسائل کے دفاع کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی، خاران کے وفد سے گفتگو

اوستہ محمد (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر سابق صوبائی وزیر ورکن بلوچستان اسمبلی میر اسداللہ بلوچ سے بی این پی عوامی کے مرکزی سی سی ممبر میر حبیب خان ملازئی کی قیادت میں خاران کی پارٹی رہنماں کا ایک وفد نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



☆☆☆ کوئٹہ، چیئرمین یوتھ ایکشن کمیٹی ندیم خان مقصود وہ ناز اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں ☆☆☆

سپریم کورٹ نے ایمان مزاری کے خلاف ٹرائل سے متعلق اپیلیں غیر مؤثر قرار دے کر نمٹا دیں

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایمان مزاری کے خلاف رکاوٹیں ہٹانے کے کیس میں ٹرائل کے خلاف دائر اپیلوں کو غیر مؤثر قرار دیتے ہوئے نمٹا دیا۔ جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاملہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے، سپریم کورٹ میں اب یہ کیس غیر مؤثر ہو چکا ہے۔ سپریم کورٹ کے مطابق درخواستوں کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ کرے گی۔ دریں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور وقت کی پابندی کو یقینی بنایا جائے

عوامی مفاد سے وابستہ تمام اہم منصوبے مقررہ مدت میں معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کیے جائیں کسی بھی منصوبے میں تاخیر قابل قبول نہیں ہوگی

تکمیل سے صوبے کی معیشت کو مثبت فروغ ملے گا، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عوامی خدمت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی، شکیل قادر خان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اوور سائٹ اسٹرٹیجک پروجیکٹس کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے بھر میں زیر التوا اور جاری اہم اسٹرٹیجک منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)



تربت: آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو ڈی پی او پیچ زوہیب حسین اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

کسانوں کو گندم کی مقررہ امدادی قیمت کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، رانا تنویر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومت نے گندم کی امدادی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کی ہے اور کسانوں کو مقررہ امدادی قیمت کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ اپنے ایک بیان میں رانا تنویر حسین نے کسانوں پر زور دیا کہ دوفصلی ایکڑ پیداوار بڑھانے کیلئے کھادوں کا متوازن استعمال یقینی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کھادوں کا غیر متوازن استعمال زرعی پیداوار اور زمین کی زرخیزی کو متاثر کرتا ہے، جبکہ مٹی کے تجزیے کی بنیاد پر کھادوں کا استعمال پیداوار میں اضافے کا موثر ذریعہ ہے۔1

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت اجلاس: عشر، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کا جائزہ

تمام تحصیلدار اور پٹواری اہداف کے حصول کے لیے کارکردگی روزانہ کی بنیاد پر بہتر بنائیں، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ریونیو افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سرکاری واجبات کی وصولی بالخصوص عشر، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے مقررہ اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ ریونیو افسران نے ڈپٹی کمشنر کو اب تک ہونے والی وصولیوں بقایاجات کی صورتحال اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ حکومت کے تمام واجبات کی بروقت اور مکمل وصولی متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اوستہ محمد میں ای پی آئی پروگرام کا جائزہ اجلاس، حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بہتر بنانے کے فیصلے

ویکسینیشن سے محروم بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے، زیرو ڈوز بچوں کی مکمل نشاندہی کی ہدایت

اوستہ محمد (رخ ان) ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ای پی آئی پروگرام کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بہتر بنانے اور ویکسینیشن سے محروم بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان بلال کی زیر صدارت ای پی آئی پروگرام کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی ڈپٹی ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن کے احسن اقدامات، پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل

درجنوں اہلکاروں کی سروس وریگولرائزیشن بحال، ملازمین کو ترقیاں اور برطرف افراد کو بحال کر دیا گیا

حب (آن لائن) ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



